SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, January 24, 2007.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty minutes past four in the evening with Mr. Acting Chairman (Mir Jan Muhammad Khan Jamali) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللّٰه من الشيطٰن الرجيم

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم

و اذا مآ انزلت سورة نظربعضهم الىٰ بعض هل يركم من احد ثم انصرفوا صرف الله قلوبهم بانهم قوم لا يفقهونO لقد جآء كم رسول من انفسكم عزيز عليه ماعنتم حريص عليكم بالمومنين رؤف رحيمO فان تولو افقل حسبى الله لآاله الا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيمO

ترجمہ: اور جب کوئی صورت نازل ہوتی ہے تو ان میں ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتا ہے کہ کیا تمہیں کوئی مسلمان دیکھتا ہے پھر چل نکلتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے ہیں اس کہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔ البتہ تحقیق تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آیا ہے۔ اسے تمہاری تکلیف گراں معلوم ہوتی ہے تمہاری بھلائی پر وہ حریص ہے۔ مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں تو کہہ دو مجھے اللہ کافی ہے۔ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔ وماعلینا الا البلاغ۔

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, January 24, 2007.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad , at thirty minutes past four in the evening with Mr . Acting Chairman (Mir Jan Muhammad Khan Jamali) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و اذا مآ انزلت سورۃ نظربعضھم الیٰ بعض ھل یرکم من احد ثم انصرفوا صرف اللہ قلوبھم بانھم قوم لا یفقھونO لقد جآء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیمO فان تولو افقل حسبی اللہ لآالہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیمO

ترجمہ: اور جب کوئی صورت نازل ہوتی ہے تو ان میں ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتا ہے کہ کیا تمہیں کوئی مسلمان دیکھتا ہے پھر چل نکلتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دل پھیردیئے ہیں اس کہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔ البتہ تحقیق تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آیا ہے۔ اسے تمہاری تکلیف گراں معلوم ہوتی ہے تمہاری بھلائی پر وہ حریص ہے۔ مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں تو کہہ دو مجھے اللہ کافی ہے۔ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔ وماعلینا الا البلاغ۔

(سورۃ التوبہ آیت ۱۲۷-۱۲۹)

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Acting Chairman: Now, we will take up the questions. Question No. 23 Prof. Khurshid Ahmed on his behalf Mr. Ilyas Ahmed Bilour.

@23. ***Prof. Khurshid Ahmed:** (Notice received on 05-12-2006 at 11:20 a.m.)

Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) *whether it is a fact that Prime Minister has recently allotted plots in Islamabad to 86 officers in BPS-22, if so, the names of such officers, size and price of plots allotted; and*

(b) *whether it is also a fact that plots had been allotted in Islamabad to some of the said officers which were disposed off by them?*

Syed Safwanullah: (a) In pursuance of Prime Minister's approval 47 officers in BS-22 have been allotted plots in D-12 Sector Islamabad. List indicating names, size and price of plots allotted is enclosed.

(b) Housing Foundation has issued two NOCs for transfer of plots allotted to BS-22 in Phase-II/Special Allocation Quota housing scheme. No plot allotted to officers in BS-22 in Phase-III has been transferred as yet. Plots allotted in Phase-IV have not been declared transferable as yet. 47 plots allotted in D-12 sector are not transferable before two years.

List

LIST OF ALLOTTEES OF BPS-22 TO WHOM ALLOTMENT HAS BEEN MADE BY FGE HOUSING FOUNDATION IN SECTOR D-12 UNDER THE DIRECTIVES OF PRIME MINISTER

SNO	NAME	TOTAL AMOUNT	AREA
1	MR EJAZ RAHIM	2,700,000.00	600 SQYDS
2	MR TARIQ MAHMUD	2,700,000.00	600 SQYDS
3	SYED JALIL ABBAS	2,700,000.00	600 SQYDS

@Transferred from the Interior Division.

4	MR KHALID SAEED	2,700,000.00	600 SQYDS
5	SYED TARIQ ALI BOKHARI	2,700,000.00	600 SQYDS
6	MR NAWID AHSAN	2,700,000.00	600 SQYDS
7	MR MUHAMMAD ISMAIL QURESHI	2,700,000.00	600 SQYDS
8	S. ANWAR MAHMOOD	2,700,000.00	600 SQYDS
9	MR ABDUR RAUF CHAUDHRY	2,700,000.00	600 SQYDS
10	MR SHAHID RAFI	2,700,000.00	600 SQYDS
11	MAJ. (RETD) SYED KAMAL SHAH	2,700,000.00	600 SQYDS
12	MR RASOOL B[illegible]HSH BALOCH	2,700,000.00	600 SQYDS
13	MR MUHAMMAD JAMIL	2,700,000.00	600 SQYDS
14	MR ISMAIL HASSAN NIAZI	2,700,000.00	600 SQRD
15	MR M. ASLAM SANJRANI	2,700,000.00	600 SQYDS
16	MR AHMAD WAQAR	2,700,000.00	600 SQYDS
17	MR VAKIL AHMAD KHAN	2,700,000.00	600 SQYDS
18	MR MUHAMMAD ABDULLAH YOUSUF	2,700,000.00	600 SQYDS
19	MAJOR (RETD) MUHAMMAD NAEEM KHAN	2,700,000.00	600 SQYDS
20	MR SAJID HUSSAIN CHATTHA	2,700,000.00	600 SQYDS
21	MR SALIM GUL SHAIKH	2,700,000.00	600 SQYDS
22	MR ASHFAQ MAHMOOD	2,700,000.00	600 SQYDS
23	MR SAJID HASSAN	2,700,000.00	600 SQYDS
24	DR. WAQAR MASOOD KHAN	2,700,000.00	600 SQYDS
25	MR JAVED SADIQ MALIK	2,700,000.00	600 SQYDS
26	MR MOHSIN HAFEEZ	2,700,000.00	600 SQYDS
27	SYED MOHSIN ASAD	2,700,000.00	600 SQYDS
28	MR MUHAMMAD HUMAYUN FARSHORI	2,700,000.00	600 SQYDS
29	MR. TARIQ AZIZ	2,700,000.00	600 SQYDS
30	MR M. JAHANGIR BASHAR	2,700,000.00	600 SQYDS
31	LT. GEN. (RETD) TARIQ WASEEM GHAZI	2,700,000.00	600 SQYDS
32	MR TANWIR ALI AGHA	2,700,000.00	600 SQYDS
33	MR RIAZ MUHAMMAD KHAN	2,700,000.00	600 SQYDS

34	MR SHER AFGAN KHAN	2,700,000.00	600 SQYDS
35	MAJOR (RETD) MALIK ASIF HAYAT	2,700,000.00	600 SQYDS
36	MR JUSTICE (RETD) MANSOOR AHMAD	2,700,000.00	600 SQYDS
37	MR SHAHZADO SHAIKH	2,700,000.00	600 SQYDS
38	MR MUHAMMAD SHAKIL DURRANI	2,700,000.00	600 SQYDS
39	SYED MASOOD ALAM RIZVI	2,700,000.00	600 SQYDS
40	DR SHAIKH ALEEM MAHMUD	2,700,000.00	600 SQYDS
41	MR SUHAIL SAFDAR	2,700,000.00	600 SQYDS
42	SYED BILAL AHMAD	2,700,000.00	600 SQYDS
43	SYED ASIF SHAH	2,700,000.00	600 SQYDS
44	MR SHARIF AHMAD	2,700,000.00	600 SQYDS
45	MR FARRAKH QUAYYUM	2,700,000.00	600 SQYDS
46	MR MUHAMMAD ZIA UR REHMAN	2,700,000.00	600 SQYDS
47	MR KAMRAN RASUL	2,700,000.00	600 SQYDS

Mr. Acting Chairman: Any supplementary? Yes, Mr. Ilyas Ahmed Bilour.

Senator Ilyas Ahmed Bilour: I appreciate at least the civil servants have also been given some plots because the Army is always getting plots from each and every city, in every area of the country but I will request the honourable Minister that the plots allotted to the people or bureaucrats may not be transferred to phase I or phase II, wherever it is allotted may be kept over there. This is my humble request. Thank you.

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ کا سپلیمنٹری ہے کہ جس کے نام allot ہوا ہے،
اس کا ہو اور اسی کی نسل کے ساتھ ہو .he should not sell it

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Yes, he will not sell it and he should not be allowed to transfer that plot. D-12

سے کہیں اور اچھے phases میں انہیں آنے کی اجازت نہ دی جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی احمد علی صاحب اس کو آپ refined supplementary کریں گے؟

سینیٹر احمد علی: جی جناب۔ کیا یہ plots transferable ہیں؛ اگر یہ transferable نہیں ہیں تو دوسرا سوال یہ بنتا ہے کہ کیا یہ assure کیا جائے گا کہ وہ واقعی non-transferable رہیں گے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم پھر بہت زیادہ supplementaries ہو جائیں گے اور پھر آپ شاہ صاحب سے جواب اکٹھا لیجیئے گا۔ چلیں میڈم سعدیہ عباسی صاحبہ۔

Senator Saadia Abbasi: Mr. Chairman, this question relates to the allotment of plots to officers in grade 22, this has never happened in the past. So, at least for those officers who retired, at least, for the past five years, they should be given a similar facility, they should not be denied this privilege that is being given to these officers but my question is that these are plots for civil servants, the people who have been in service who now reach the grade 22.

یہاں نمبر 31 پر لفٹینینٹ جنرل طارق وسیم غازی کو بھی پلاٹ دیا گیا ہے۔ بھئی کوئی ان لفٹینینٹ جنرل صاحب سے پوچھے کہ آپ نے اپنے tenure میں فوج میں کتنے plots لیے ہیں اور پھر یہاں civil service میں بھی آ کر یہ 600 گز کا پلاٹ لینا کیا بہت ضروری تھا۔ There is no end, there is no end to these people acquiring plots. آخر یہ سسٹم کس

دن ختم ہو گا؟ کس دن the greed will stop?

جناب قائم مقام چیئرمین، میرا خیال ہے ان کو جواب دینے دیں' یہ clubed supplementaries ہیں - we will go for three supplementaries نہیں تو we will always fall short of time. جی شاہ صاحب۔

سید صفوان اللہ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس)، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب! اس سوال کی شکل نہیں ہے' یہ تجویز کی شکل ہے اور یہ تجویز ہم نے note کر لی ہے۔ یہ جو ہم نے لسٹ دی ہے' یہ ان افسران کی ہے جو کہ secretaries کی حیثیت سے گریڈ 22 کے level میں کام کر رہے ہیں۔ اگر ایسا کوئی مشورہ جیسا کہ ممبران اور خاتون بہن کی طرف سے آیا ہے تو اس کو بھی ہم نے note کر لیا ہے اور یہ پہنچا دیا جائے گا کہ جب آئندہ کبھی کوئی اسکیم بنے تو اس چیز کو بھی ذہن میں رکھیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، وہ جو اس وقت سیکرٹری ڈیفنس ہیں لفٹیننٹ جنرل طارق وسیم غازی صاحب۔ یہ کہتے ہیں کہ ان کو فوج میں بھی privilege ہے یا right ہے I don't know شاید اشرف قاضی صاحب کو پتا ہو۔

سید صفوان اللہ، جی جناب! اس کا جو criterion بتایا گیا تھا کہ کن کن لوگوں کو ملنا چاہیے تو اس میں یہ تھا کہ کم از کم دو سے زیادہ کسی کے پاس پلاٹ ہوں گے تو اسے نہیں ملے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، پھر نہیں دیا جائے گا؟

سید صفوان اللہ، جی نہیں دیا جائے گا۔ اگر ان کے پاس دو سے زیادہ ہیں جس کا انہوں نے affidavit دیا ہے اگر یہ دو سے زیادہ ہیں تو یہ entitle نہیں ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، تو یہ automatically as claimed will fall out. ہاں یہ وضاحت کر دی جائے۔

سید صفوان اللہ، جی بالکل۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سینیٹر طلحہ محمود صاحب۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، جناب! اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ دو سال، تو یہ دو سال کب سے شروع ہو رہے ہیں اور کب ختم ہوں گے؛ نمبر دو یہ کہ power of attorney پر پلاٹ بکنے شروع ہو گئے ہیں، یہ power of attorney پر کتنے بکے ہیں، کیا آپ کی knowledge میں ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین، جی شاہ صاحب۔

سیدصفوان اللہ، جناب! اس کا مجھے علم نہیں ہے، ظاہر ہے جب ہمارے پاس information آئے گی تو اسی وقت معلوم ہو گا۔ یہ transferable نہیں ہیں، یہ saleable کی بات نہیں، یہ transferable نہیں ہیں اگر ایسی کوئی فروخت ہوئی اور یہ ہمارے پاس transfer کے لیے آئے گا تو ہم transfer نہیں کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی طلحہ صاحب ذرا repeat کریں تا کہ واضح ہو۔

سینیٹر محمدطلحہ محمود آریان، جناب! میرا سوال یہ تھا کہ یہ دو سال کب سے شروع ہو رہے ہیں اور کب ختم ہوں گے؛ نمبر دو یہ ہے کہ یہ power of attorney پر پلاٹ بکنے شروع ہو چکے ہیں۔ جب power of attorney پر بکتے ہیں تو اس پر پلاٹ کا نمبر ہوتا ہے، پلاٹ کا address ہوتا ہے، اس کے مالک حاضر ہوتے ہیں اور اس area کے اندر حاضر ہوتے ہیں جس area کے اندر وہ پلاٹ located ہے۔ اس کی ساری detail ان کے لوگوں کے پاس ہو گی، یہ بتائیں کہ کتنے پلاٹ power of attorney پر بکے ہیں؟

سیدصفوان اللہ، ہم نے یہ بتا دیا ہے کہ ہمارے پاس ابھی تک کوئی بھی plot transfer کے لیے نہیں آیا ہے اور جہاں تک دو سال کی مدت کا سوا ل ہے تو جو allotment letter کی تاریخ ہو گی تو وہاں سے دو سال کی مدت count ہو گی۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، وہاں پر transfer کے لیے حاضر نہیں ہوتے، power of attorney کے لیے اسلام آباد میں جو Magistrate بیٹھا ہے، اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔ اس کی detail تو ان کے پاس ہو گی۔

سیدصفوان اللہ، اس کی detail ہمارے پاس کیوں ہو گی، ہمارے پاس اس وقت

تفصیل آئے گی جب وہ ہمارے پاس transfer کے لیے آئے گا کہ یہ ہم نے خریدا ہے۔ اب باہر کیا کارروائی ہو رہی ہے تو ہمارے علم میں اس کی تفصیلات نہیں آتیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں شاہ صاحب سے پوچھ لیتا ہوں۔ شاہ صاحب! یہ لوگ آپ کے پاس آئیں گے یا CDA کے پاس جائیں گے۔

سید صفوان اللہ: یہ CDA کے پاس جائیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ CDA کے پاس جائیں گے۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان: میں یہ بتانا چاہوں گا کہ وہ power of attorney وہاں CDA کے اندر register ہو گی' بغیر registration کے وہاں پر اس power of attorney کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور CDA اس کو باقاعدہ letter لکھ کر confirm کرتا ہے کہ آپ نے یہ power of attorney دی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میرا خیال ہے کہ خود پیش ہونا پڑتا ہے۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان: اس کے پاس پیش ہونا پڑتا ہے' تصویر لگتی ہے' اس کے بعد CDA والے letter issue کرتے ہیں کہ یہ آپ کی power of attorney ہم نے accept کر لی ہے۔ یہ کیسے کہتے ہیں کہ ان کے پاس اس کا data نہیں ہے' یہ سارا data اس file میں ہوتا ہے جس file کے اندر اس کا پلاٹ نمبر ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میرے خیال میں یہ Housing and Works Ministry کے پاس نہیں ہے' ہمیں CDA سے یہ question کرنا پڑے گا۔ Fresh question کریں' 1st week of March, انشاء اللہ پہلی مارچ کو۔ میڈم پری گل صاحبہ۔

سینیٹر آغا پری گل: جناب چیئرمین صاحب شکریہ۔ میں Minister صاحب سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ جس طریقے سے سرکاری secretaries کو plots allot کیے جاتے ہیں کیا ہمارے Government of Pakistan کے جو press والے ہیں' TV والے ہیں یا Senators, MNAs ہیں' وہ بھی تو Government کا ایک حصہ ہیں۔ Government پہلے Senators کو' MNAs کو' press والوں کو' television والوں کو plots دیتی تھی۔ میں یہ پوچھنا چاہتی

ہوں کہ Government of Pakistan نے کوئی ایسی تجویز بنائی ہے کہ ان کو بھی plot دیا جائے تاکہ جن کے پاس گھر نہ ہو وہ تو کم سے کم اپنے لیے کوئی چھوٹا سا گھر بنا سکیں گے۔ Press والے ہیں' television والے ہیں' Senators ہیں' MNAs ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میڈم کہنا یہ چاہتی ہیں کہ grade-22 کے جو officers ہیں جن کی آخری آرام گاہ اسلام آباد ہے' اس کے علاوہ parliamentarians, press, media, electronic media ان کے لیے کوئی scheme ہے؟

سید صفوان اللہ ، یہ جو plots allot ہوئے ہیں' یہ Housing Ministry کی normal scheme کے تحت نہیں ہو رہے۔ Housing Ministry کی normal schemes Housing Foundation کے تحت تمام سرکاری ملازمین کے لیے مختلف اوقات میں آتی رہتی ہیں۔ اس وقت بھی G-13 اور G-14 میں جو سرکاری ملازمین کے لیے ہمارے plots ہیں' اس میں کوئی قید نہیں ہے' grade-1 سے لے کر grade-22 تک کسی محکمے میں ہو' کسی شعبے میں ہو' کسی grade میں ہو' وہ اپنی category کے حساب سے apply کرتا ہے۔ یہ ہماری schemes وقتاً فوقتاً آتی رہتی ہیں آئندہ بھی ہمیں sectors دیئے جائیں گے کیونکہ CDA sectors develop کر کے پھر ہمیں دیتے ہیں اور پھر ہم سرکاری ملازمین کے لیے اس کا اعلان کرتے ہیں' اس میں grade-22 اور grade-1 کی کوئی تخصیص نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، شاہ صاحب! میڈم پوچھنا چاہتی ہیں کہ سرکاری ملازمین کے علاوہ electronic, print media سے لوگ ہیں' پھر ایسے disabled لوگ ہوں گے' parliamentarians جو عوامی نمائندے ہیں' دائمی لیکن سرکاری نہیں ہیں' ان کے لیے کوئی پروگرام ہے کیونکہ India میں parliamentarians کو pension بھی دی جاتی ہے۔ ہمارے ہاں تو یا ادھر ہے یا گھر میں ہے یا کہیں نہیں ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، نہیں پہلے دیئے جاتے تھے' پہلے MNAs کو Senators کو' press والوں کو سب کو دیئے جاتے تھے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، پہلے دیئے جاتے تھے۔

سینیٹر آغا پری گل، مگر اب انہوں نے بند کئے ہیں، میں کہتی ہوں کہ بجائے بند کرنے کے آپ کسی غریب کو دے دیں، کیا ہے، یہ اللہ کی زمین ہے، یہ اسی طرح آئے گا، چلا جائے گا۔ کچھ لوگ press میں ایسے بھی ہیں جن کے پاس اپنا مکان تک نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میڈم جواب دینے دیں۔ شاہ صاحب! ذرا mike کے قریب ہو جائیں تاکہ ہم سارے کان کھول کر سنیں، بڑی important چیز ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، جناب! احمد علی کا ہر صوبے میں ایک گھر ہے۔

سینیٹر احمد علی، حکومت 30 لاکھ روپے ایک senator اور ایک MNA پر خرچ کر رہی ہے پھر یہ لوگ کیسے غریب ہو گئے ہیں۔

سینیٹر آغا پری گل، کس پر؟ میں press کی بات کر رہی ہوں۔

سینیٹر احمد علی، جس کو چاہیے، میں حساب دے دیتا ہوں کہ 30 لاکھ روپے دیتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، خرچ تو کر رہے ہیں، ہم عوام میں سے ہی آئے ہیں، عوام کے نمائندے ہیں، کوئی ہوا میں سے تو نہیں آئے۔ عوام نہ ہوں تو یہ Parliament بھی نہیں چلتی۔ احمد علی صاحبِ زور آور ہیں۔ اچھا، customer service میں ملاقات ہوئی تھی، لگتا ہے، آپ دونوں کے customer service میں ملاقات ہوئی تھی۔ جی شاہ صاحب Parliamentarians کے لیے کوئی ارادہ ہے، کوئی پروگرام ہے کہ ہم بھی اپنی retired زندگی آرام سے گزار سکیں اور اچھی گزر بسر ہو۔

سید صفوان اللہ، میں عرض کرتا ہوں کہ Ministry of Housing کا ایک دائرہ کار ہے۔ Ministry of Housing پلاٹ کی allotment کی جو بھی exercise یا جو بھی مشق کرتی ہے اسی دائرہ کار میں کرتی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میڈم پری گل سنیں تو سہی۔ احمد علی ویسے بھی میری طرح قد میں چھوٹے ہیں، ڈرتے ہیں آپ سے۔ Women Protection Act بھی آیا ہوا ہے، جی۔

سید صفوان اللہ ، Ministry of Housing میں Housing Foundation کا جو ادارہ ہے اس کا کام یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کے لیے جو پلاٹ بنائے جائیں وہ اس ادارے کے تحت ہوتے ہیں۔ باقی عام لوگوں کے لیے CDA کے ذمہ ہے۔ CDA develop کرتی ہے، CDA announce کرتی ہے۔ وہاں پر ہر قسم کے private لوگ بھی ہیں، وہ سرکاری ملازمین بھی ہیں لیکن Ministry of Housing کے تحت جو Housing Foundation کا ادارہ ہے اس کے ذمہ صرف یہ کام ہے کہ سرکاری ملازمین کو پلاٹ الاٹ کرے۔ ہم صرف سرکاری ملازمین کے لیے جو پلاٹ ہیں ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ Parliamentarians ہمارے دائرہ کار میں نہیں ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آخری supplementary ڈاکٹر ساجد صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد ساجد ، میری گزارش ہے وزیر موصوف سے کہ ہمارے ہاں Universities کے Vice Chancellors بھی گریڈ 22 میں کام کرتے ہیں۔ کیا ان میں سے کسی کو پلاٹ الاٹ کیے گئے ہیں یا نہیں؛

جناب قائم مقام چیئرمین ، یہ Universities کے پروفیسر بھی 22 گریڈ کے ہیں۔ ان کی حیثیت ہماری society میں کیا ہے؛ اگر وہ DMG کے نہیں ہیں یا PSP کے نہیں ہیں یا پولیس کے نہیں ہیں۔

سید صفوان اللہ، ہمارے پاس جو فہرست ہے اس میں Vice Chancellors میں سے کسی کا نام نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اچھا' میں House کے notice میں ایک چیز لاتا ہوں کہ افغانستان جیسی country میں جب کوئی Public Service Commission کا امتحان پاس کرتا ہے تو اس کی نمبر one choice، ہوتی ہے Education Department and he wants to join Education Department.

سینیٹر ڈاکٹر محمد ساجد ، ان کی list میں Vice Chancellors کے نام کیوں نہیں ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ان کا پروگرام نہیں ہے۔ انہوں نے صحیح بات کر دی ہے۔ ابھی ہمیں ideas دینے پڑیں گے۔

سید صفوان اللہ ، یہ نام ہم نے نہیں بنائے۔ ہمارے پاس تو CDA سے یہ لسٹ آ گئی کہ آپ ان لوگوں کو allotment کر دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی بالکل ان کے لیے تو اوپر سے ہدایت آ گئی۔ ابھی اخباروں میں پڑھ رہے ہیں تو وہ Prime Minister کے پروگرام ہیں۔ آپ اخباروں میں پڑھ رہے ہیں۔ جی۔ Next Question پر چلتے ہیں .Question No. 111 طلحہ محمود صاحب۔

111. ***Mr. Muhammad Talha Mahmood:** (Notice received on 28-11-2006 at 14:52 p.m.)

Will the Minister for Religious Affairs, Zakat and Ushr be pleased to state:

(a) the number of Pakistani Zaireen visited India during the last two years; and

(b) the procedure laid down for selection of those Zaireen?

Mr. Muhammad Ijaz-ul-Haq: (a) In 2005, 1,210 Zaireen, while in 2006, 998 Zaireen visited India to attend the Urses.

(b) Applications on prescribed forms are invited from public through Press at least two months before commencement of the Urses. Later on scrutiny of these applications is undertaking whithin the following parameters to screen out invalid cases:

- The applicant should be above 25 years;
- Period of his last visit to India, if conducted, should be at least 12 months;
- He may not be Black Listed;
- He has given complete details/information on the form and provided necessary documents;
- Applications received after deadline, are not considered.

Selection is made through computerized balloting.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary.

جی نیازی صاحب جواب دیں گے آپ supplementary کریں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، جناب یہ دو Ministers بیٹھے ہیں۔ اچھا جناب میں آپ کو پہلے بتا دیتا ہوں کہ نیازی صاحب میرے سوال کا جواب نہیں دے سکیں گے۔ مجھے یہ نہیں سمجھ آتی کہ Minister اگر نہیں آرہا تو State Minister کیوں نہیں آتا؟

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ سوال پوچھیں تسلی وتشفی نہ ہوئی تو پھر ---

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، اچھا مجھے یہ بتائیں کہ 1210 زائرین 2005ء میں گئے ہیں، 998 زائرین 2006 میں گئے ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ کتنے لوگوں نے ان سالوں میں زیارتوں کے لیے درخواستیں دی تھیں؟ بتائیں مجھے ------

جناب قائم مقام چیئرمین، اس کا جواب دینے دیں پھر آگے بڑھتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور)، یہ درخواستیں جو منظور ہوئیں، جو گئے اور کہاں کہاں گئے وہ ساری details میرے پاس ہیں۔ اب total درخواستیں تو بے شمار آتی ہیں in thousands ہوتی ہیں۔ ان میں سے جاتے کم ہیں۔ اب یہ پوچھتے ہیں کہ کتنی درخواستیں آئیں total جو منظور ہوئیں، جو گئے ان سالوں میں وہ تو میرے پاس ساری details ہیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، کتنی آئیں Sir پچیس ہزار درخواستیں آئیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، طلحہ صاحب ایک چیز دیکھ لیں کہ criteria کے مطابق جو درخواستیں آئیں ان میں سے reject کتنی ہوئیں۔ وہ پوچھ لیں آپ۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، چلیں Sir یہ بتا دیں کہ کیوں ان کی درخواستیں منظور نہیں ہوئیں اور criteria کیا ہے ان کا؟

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی ، یہ بات صحیح پوچھی انہوں نے۔ اس کے لیے بہت سارے کوائف ہیں ان میں اگر ایک بھی meet نہ کرتا ہو کہ ان کی عمر پچیس سال سے کم ہو تو وہ درخواست reject ہو جائے گی۔ دوسری بات یہ ہے کہ ایک سال کا وقفہ visit میں اگر نہ ہو ، اس سے کم ہو تو وہ درخواست بھی reject ہو جائے گی ۔ اگر وہ black listed ہو مثلا کئی دفعہ یہاں سے یہ ڈرائی فروٹ لے جاتے ہیں اور پلاسٹک کے bag لے جاتے ہیں ' they are very costly اور وہاں بیچ کر گزارہ کرتے ہیں تو بعض اوقات یہ black list ہو جاتے ہیں جن سے اور وجوہات بن جاتی ہیں یا complete detailed document جو required ہیں to go to India زیارت کے لیے ' اگر وہ مکمل نہ ہوں ' تو اس سے بھی وہ درخواست reject ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد عورتیں جانے کے لیے اہل نہیں ہیں ' eligible نہیں ہیں - جو applications receive ہوتی ہیں after deadline وہ بھی entertain نہیں ہوتیں اور allow نہیں ہوتیں - یہ سارا criteria ہے - اگر درخواستوں میں کوئی defect نہ ہو تو وہ زائرین کو allow کرتے ہیں اور عمومی طور پر یہ اتنی زیادہ نہیں ہوتیں' چندہی ہیں جو reject ہو جاتی ہیں .Otherwise most of the people are allowed

جناب قائم مقام چیئرمین ، نیازی صاحب خواتین کو زائرین کی category میں نہیں لایا جاتا؟

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، نہیں جی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ صرف انڈیا سے مخصوص ہے۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، صورت حال خراب بھی ہوسکتی ہے۔ میں کیا کہوں اب۔

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں وہ خواتین بھی جانا چاہتی ہیں۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، میں دو دفعہ خود گیا ہوں *as a Zair* مجھے پتہ ہے کہ ہمارے ایک زائر گوجرانوالہ سے تھے - he went to brothel اور ہم نے بڑی مشکل سے اس کی جان چھڑائی اور بھی اس قسم کے واقعات ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، وہ informative visit پر گئے ہوں گے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، خدا کے لیے مجھے تفصیلات میں نہ جانے دیں۔ This is august House.

جناب قائم مقام چیئرمین، Details میں کہتے ہیں کہ let us sleep over it طلحہ صاحب۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، یہ بتائیں کہ کتنی درخواستیں reject ہوئیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جو گئے ہیں زائرین کے حوالے سے تو میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، Reject کتنی ہوئیں؟ یہ بتا دیں بس۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، Reject کا کوئی ذکر یہاں نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، وہ بعد میں' fresh notice دے دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، آپ ایسے negative thinking کیوں کرتے ہیں کہ آپ اس سے کوئی score کر لیں گے' یہ ایسی چیز ہے کہ نیا question ڈال دیں۔ یہ negative question ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی بلور صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور، جناب میری ایک request ہے۔ یہاں الحمد للہ ہر Ministry میں دو Ministers ہیں۔ ایک Minister اور ایک Minister for State میرا یہ خیال ہے کہ یہ بہت کم ہیں ۔ ایک Deputy Minister بھی لگا دیں جو آ کر یہاں جواب دیا کرے۔ یہ ضروری تو نہیں ہے کہ ہر ایک question کا' ہر ایک Ministry کا جواب نیازی صاحب دیتے ہیں۔ یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔ دو دو منسٹر ہرمنسٹری میں ہیں' وہ خود کیوں نہیں آتے۔ اس بات سے سینیٹ کا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ یہاں ہر روز یہی کام ہوتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی آپ کے point کا جواب دے رہے ہیں نیازی

صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، میں اس کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ He should pick up the Constitution and he should read into Article 91, Clause 4 یہ آپ پڑھیں جی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی۔ میڈم کلثوم پروین صاحبہ۔ اس بحث میں نہ پڑیں۔ آگے بڑھتے ہیں۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! With regard and respect جو میں نے بات کہی very seriously وہاں لکھا ہوا ہے کہ

"Cabinet along with the Minister of State, shall be collectively responsible to the National Assembly, only".

جناب قائم مقام چیئرمین، سینیٹ کا ذکر ہی نہیں ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، ذکر ہی نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، غلطی ہو گئی کہیں آئین میں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور، پارلیمنٹ ہے، مجلس شوریٰ ہے جناب یہ ایسے ہی کہتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اچھا اس کو separate لیں۔ Leader of the House will throw light on it. Madam اس کے بعد۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، جناب چونکہ سینیٹ کی بات آ رہی ہے تو میرا خیال ہے کہ اسے explain کرنا ضروری ہے۔ یہ درست ہے کہ Article 91 میں لکھا ہوا ہے کہ The responsibility to the National Assembly, what does it mean? تو سوال یہ ہے کہ اس کا مطلب کیا ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ

The Government can be removed by the National Assembly. The Prime Minister or the Government, if there is a vote of no confidence by the

National Assembly, he can be removed but responsibility in that sense does not mean that the Ministers are not responsible to answer questions in the House, that the Ministers are not responsible for policy in the House. If that be accepted then why do they come here in Question Hour? Why do they come here to defend policies. The responsibility to the Parliament really means, responsibility to the people of Pakistan because we represent the people of Pakistan but responsibility in Article 91 is in restricted sense that it can be removed by the National Assembly, it is correct. We cannot remove the Prime Minister. We cannot remove the Government but the National Assembly can. So, this is what meant by the word, the responsibility to the National Assembly.

جناب قائم مقام چیئرمین، نیازی صاحب آخری وضاحت کرنا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : یہاں Collectively کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ یہ جو Cabinet ہے along with the Ministers of State is collectively responsible to the National Assembly ایک معنی تو یہ ہیں کہ آپ remove کر سکتے ہیں Prime Minister کو from National Assembly. Second meaning of this is very important کہ collectively جتنے Ministers یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ان میں سے کوئی بھی کوئی چیز چاہے question ہو، Privilege Motion, Adjournment Motion ہو یا کسی اور motion کے تحت discussion ہو، چاہے کوئی بھی Minister ہو وہ اس کا جواب دے سکتا ہے۔ ہم میں سے جو بھی چاہے، ہم نے جواب دینا ہے۔ ہم جوابدہ ہیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ اعجاز الحق اگر نہیں ہیں تو question کو drop کر دیں۔ یہ جواب ہمیں لازمی دینا پڑے گا۔ We are collectively responsible. ہم میں سے جو بھی وزیر آئے گا وہ جواب دے گا۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ میں نہیں مانتا۔ یہ اعتراض ان کو واپس لینا ہوگا۔ اگر میں جواب دینا چاہتا ہوں جو طلحہ صاحب نے سوال کیے ہیں۔ اگر یہ پوچھتے کہ کتنے زائرین گئے ہیں اور کہاں کہاں گئے۔ جو پوچھا گیا تھا وہ جواب دیا گیا ہے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، کلثوم پروین صاحبہ۔

سینیٹر کلثوم پروین، جناب! انہوں نے فرمایا ہے کہ زائرین میں خواتین نہیں جا سکتیں۔ عورتیں نہیں جا سکتیں۔ کیوں نہیں جا سکتیں۔ وجہ بتائیں۔ جبکہ حج اور عمرہ کے لیے جاتی ہیں۔ انڈیا جانے میں کیا قباحت ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، وہاں تاج محل ہے۔ ادھر شاہ جہاں نے اپنی بیوی کو پہلے دفن کیا تھا پھر ادہر خود بھی دفنائے گئے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین! میں نے گزارش کی تھی کہ اس chapter کو open نہ کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ہاں، اس کو open نہ کریں۔ نیازی صاحب پہلی دفعہ گزارش کر رہے ہیں ورنہ یہ تو ہمیشہ ہمیں تڑی دیتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، اگر آپ ان گیلریوں میں بیٹھے ہوئے سب لوگوں کو باہر نکال دیں تو I can tell you.

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، بھنڈر صاحب کچھ آئینی معاملات پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، وزیر محترم نے یہ فرمایا ہے کہ وہ collectively responsible ہیں۔ کوئی doubt نہیں ہے۔ ہم اس کو challenge نہیں کرتے ہیں کہ collectively responsible نہیں ہیں۔ لیکن جناب یہ اگر پچھلی ساری روایات اور قانون ساز اسمبلیوں کی تاریخ نکال کر دیکھیں تو Minister صاحبان اپنی Adjournment Motion

کے دن اور اپنے Question Hour کے دن اپنے دورے postpone کرکے House میں آتے تھے۔ .House is the first responsibility اب اگر وزراء صاحبان یہ کہیں گے تو پھر جناب ساری کابینہ کو فارغ فرما دیں' صرف ایک نیازی صاحب یہاں تشریف فرما ہوں تو یہی سارے جوابات دے دیں۔ ہم ان کی competence مانتے ہیں۔ ایجوکیشن کا محکمہ ہو' ہاؤسنگ کا محکمہ ہو' قانون کا محکمہ ہو یا Constitution کی بات ہو' وہ سارے جواب دے سکتے ہیں۔ جناب! سینیٹ کے لیے صرف ایک Minister مختص کر دیں' باقی سب کو چھٹی کر دیں۔ کسی کے آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم جناب! پر زور مطالبہ یہ کرتے ہیں کہ جس روز کسی فاضل وزیر صاحب کا Question Hour ہو' اس میں وہ تشریف لائیں۔ ہم ان کو request کریں گے۔ اس لیے کہ صرف وہ اپنی پالیسیوں سے روشناس ہوتے ہیں۔ ہم ان سے بات سننا چاہتے ہیں اور ان کے ساتھ بات کرنا چاہتے ہیں۔ Collectively responsibility کا مقصد یہ نہیں ہے۔ جناب! کسی وقت ہوا۔۔۔۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

کوئی urgency ہوئی ہے یا Minister out of the country گئے ہوئے ہیں' تو اس طرح ہوا ہے لیکن جناب یہ روز کا routine بن گیا ہے کہ ایک Minister کے جوابات دوسرے Minister صاحب دیتے ہیں۔ یہ درست نہیں ہے اور یہ نہیں ہونا چاہیے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی کچھ کریں گے اس پر۔ رانجھا صاحب! please final کریں اسے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں، نہیں، ایک منٹ میں وہ final کرتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر خالد رانجھا، جناب میں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، Questions Hour آپ کا رہ جائے گا۔ Questions رہ جائیں گے۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیرالدین بابر اعوان، نہیں، نہیں Questions Hour کی بات

This is the important question, Minister has said something...... نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: Questions آپ کے رہ جائیں گے۔ میڈم آپ کے---

سینیٹر میر ولی محمد بادینی: Questions رہتے ہیں تو رہ جائیں اور اگر اس طرح کرتے ہیں تو اس کا فائدہ بھی کوئی نہیں ہے۔

سینیٹر آغا پری گل: آپ نے کہا کہ وہاں پر عورتیں اکیلی نہیں جا سکتیں۔ میں نے ان سے یہ کہنا ہے کہ بتاؤ۔ سارے ہاؤس کو بتاؤ، چھپانے کی ضرورت کیا ہے۔ زبان کے نیچے بات کو رکھنے کی ضرورت کیا ہے۔ وجہ کیا ہے جب وہاں سے ساری عورتیں یہاں پر آتی ہیں اور یہاں سے ساری اداکارائیں وہاں پر جاتی ہیں۔ نہیں،نہیں، غلط بات ہے آپ نہ چھپائیں، ہاؤس کو بتا دیں کہ کیا مسئلہ ہے۔ ہاں بتا دیں تا کہ ہمیں بھی پتا چلے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! میں دو دفعہ وہاں گیا ہوں عرس پر، حضرت خواجہ معین الدین چشتی کی درگاہ میں سات دن ٹھہرا ہوں اور پھر خواجہ نظام الدین اولیاء کے عرس پر بھی میں گیا ہوں۔ حضرت خواجہ سلیم چشتی کے بھی۔ یہاں سے اگر پاکستان سے ہم عورتیں لے جائیں تو difficult ہو جاتا ہے۔ مشکلات پیش آتی ہیں اور بہت سارے---- میں کیا بتاؤں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بس، تھوڑا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: (XXXX)

جناب قائم مقام چیئرمین: I think we should end it over here ٹھیک ہے۔ چلیں جی۔ let's go ahead. یہ آخری رانجھا صاحب۔ Thank you sir, please I want no one to speak

---

(XXXX) (بحکم جناب قائم مقام چیئرمین الفاظ حذف کیے گئے)

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، جناب والا! میں ڈپٹی لیڈر تھا، میں ممبر پارلیمنٹ تھا۔ میں ٹھیک کہہ رہا ہوں یہ بات۔ آپ بی بی سمجھ نہیں رہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، چلیں وہ۔ میڈم بیٹھ جائیں ایک منٹ۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، وہ بہت بری سوسائٹی ہے جناب چیئرمین! ہم وہاں عورتوں کو نہیں لے جاسکتے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، بس ٹھیک ہے۔ بیٹھ جائیں پلیز۔ رانجھا صاحب، نیازی صاحب پوچھنا یہ چاہتے ہیں کہ خواتین زائرین کو کیوں نہیں لے جاتے۔ بس اور کچھ نہیں۔ چھوڑیں اس problem کو۔

سینیٹر آغا پری گل، یہ بتائیں۔ یہ جو اولیاء کے متعلق کیا---

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں، نہیں ذاتی نہیں ہے۔ ایک incidnet کو وہ quote کر رہے ہیں۔ understood ہے کہ we will, I think ۔

سینیٹر آغا پری گل، اسی لیے۔ ہم آپ سے request کرتے ہیں کہ جس کا یہ سوال ہے اس Minister کو آنا چاہیے۔ اب نیازی صاحب پتا نہیں اتنے لمبے---

جناب قائم مقام چیئرمین، نیازی صاحب کی بات کو ایک طرف کرتے ہیں اور اعجاز الحق صاحب ابھی آ جائیں گے۔ اب after effects حج کے ختم ہو گئے ہیں وہ آ کر جواب دیں اور وہ عامر لیاقت حسین ہیں انہی کو بلائیں گے۔ we will take up this matter with the Ministry خواتین زائرین، We will take it up.

سینیٹر آغا پری گل، مجھے اس کا جواب چاہیئے کہ کیوں نہیں جا سکتیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، منسٹر صاحب سے خود پوچھ لیں گے۔ ان کو بلوا لیں گے۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، آپ defer کر دیں سوال کو انہی سے پوچھیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، بس that is fine, I think you hit the nail on

رانجھا صاحب، نیازی صاحب نے وہ صحیح بات کر دی۔ جی رانجھا صاحب۔ the head.

سینیٹر ڈاکٹر خالد رانجھا، جناب! میں بھنڈر صاحب کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ ہر Minister صاحب کو یہاں ہونا چاہیے اور ان کی یہ بات تو درست ہے کہ ان کو دورے منسوخ کر کے آنا چاہیے۔ یہ بات منسلک ہے ایک اور ایجنڈے کے ساتھ کہ ہم ہمیشہ کہتے آئے ہیں کہ ہاؤس کو پہلے پتا ہونا چاہیے کہ ہمارا schedule کیا ہے۔ اگر Ministers کو schedule ہی ایک دن پہلے پتا چلے تو وہ کیسے اپنے آپ کو regulate کریں گے۔ آپ نے بارہا کہا ہے کہ آئندہ اس سیشن میں ہم پورے سال کا ایجنڈا آپ کو دیں گے۔

میں گزارش کر رہا ہوں کہ جب تک ہم یہ regulate نہیں کرتے کہ پورے سال کا schedule ممبران کو پتا ہو، منسٹرز کو پتا ہو کہ کس کس دن ہاؤس نے meet کرنا ہے، یہ regulate نہیں ہو سکے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، صحیح بات ہے۔ Your advice is taken میڈم! آگے بڑھیں، questions hour آپ کا ضائع ہو جائے گا۔ Ministers بیٹھے ہوئے ہیں، آئے ہوئے ہیں۔ جی سینیٹر بابر اعوان صاحب، پلیز۔ آپ کامیاب ہوں گے انشاء اللہ۔۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، مائیک بھی دیں اور توجہ بھی دیں۔ دونوں چیزیں۔ There are two things ایک تو میں اپنی بہنوں کے ساتھ ہوں۔ یہ ہاؤس ہے، بہت قابل احترام بہنیں بیٹھی ہوتی ہیں، یہاں بین السطور اور ذومعنی گفتگو نہیں کرنی چاہیئے تھی، وہ اس ہاؤس کا بھی خیال کریں۔ بہنوں کا بھی اور وہ اپنی عمر کا بھی خیال کریں۔ یہ بات ان کو نہیں کرنی چاہیے تھی۔ پہلی بات۔ He should feel sorry on that and he should withdraw what he has said is like this.

Mr. Acting Chairman: I think, we should go ahead now.

Senator Dr. Zaheer-ud-Din Babar Awan: Now, we will go ahead. Just allow me to read one Article from the Constitution.

جناب قائم مقام چیئرمین: جی پڑھ لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: میں نے کل بھی کہا تھا کہ آئین کے جو نیم حکیم صاحب ہیں ان کو منع کرایا جائے۔ آرٹیکل ۹۲ یہ کہتا ہے کہ جو cabinet کے ممبران ہیں وہ دونوں ہاؤسز سے چنے جائیں گے اور آرٹیکل ۹۰ کہتا ہے کہ فیڈریشن کی authority کس طرح سے exercise ہوگی۔ انہوں نے درمیان میں سے ایک آرٹیکل انگریزی پڑھنے کے طریقے سے اٹھایا اور یہ کہنے کی کوشش کی کہ پاکستان کی cabinet کے ارکان پاکستان کے وفاق کے سب سے بڑے ایوان کے سامنے جوابدہ نہیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انہوں نے بہت غلط بات کی۔

(شیم شیم)

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جناب! He should say sorry on this اس لیے میرا خیال ہے---

جناب قائم مقام چیئرمین: اعوان صاحب ----

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: میں اپنا sentence complete کرتا ہوں مجھے بات کرنے دیجیے اس لیے کہ یہاں اپنا ذاتی کام مجھے یقین ہے کہ ان سے کوئی بھی کروانے نہیں آیا۔ These peoples are representing before unit of the Federation اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وفاق کو وفاقی وزیر مذاق سمجھتے ہیں اور مجھے اتفاق ہے جو کچھ کہا جناب بھنڈر صاحب نے، خالد رانجھا صاحب نے اور قائد ایوان نے جو کچھ کہا کہ ان کو سنجیدگی کے ساتھ تیاری کرکے آنا چاہیے یہ لوگوں کا time ہے جس کے اوپر 1,10000/ روپیہ فی منٹ خرچ ہو رہا ہے۔ وہ یہاں مذاق اڑانے کے لیے نہ آیا کریں۔ And the Chair should pass some stricture on this.

جناب قائم مقام چیئرمین: جی بالکل، صحیح بات ہے۔

Leader of the House has put it very explicitly and he is very clear. Now, we move on to Question No.112. Talha Mehmood Sahib.

112. ***Mr. Muhammad Talha Mahmood:** (Notice received on 28-11-2006 at 14:52 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the steps being taken by the Government to increase the production of Petroleum products in the country; and

(b) the names and location of ongoing projects in this field?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: (a) In order to increase the production of petroleum products locally, a State-Of-The-Art new Oil Refinery of capacity of **200,000 to 300,000 Barrels Per Day** is planned to set up at Khalifa Point near Hub Balochistan by first quarter 2011.

(b) As above.

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان: جناب! اس پر بھی منسٹر نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میرا خیال ہے کہ مینگل صاحب ہیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان: جناب! آپ کے توسط سے میرا یہ سوال ہے کہ 2011ء تک یہ----

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ supplementry پوچھ رہے ہیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان: جی! supplementry پوچھ رہا ہوں۔ میرا سوال یہ تھا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی پیداوار میں اضافے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے اور مذکورہ شعبے میں جاری منصوبہ جات کے نام اور مقامات بتائے جائیں۔ جناب! میرا یہ سوال تھا۔ اس کا جواب تو آ گیا ہے لیکن اس کے اندر میرا supplementary سوال یہ ہے کہ پٹرولیم products کی پیداوار میں اضافے کے لیے انہوں نے بلوچستان میں ایک oil refinery کے بارے میں لکھا ہے کہ 2011ء میں یہ ریفائنری قائم کرنے کی تجویز ہے۔ اس ریفائنری پر کام شروع ہو چکا ہے' یا ہونا ہے اور ہونا ہے تو کب سے ہونا ہے اور اس پر کل لاگت کتنی آئے گی اور اس پراجیکٹ کا موجودہ status کیا ہے۔ کیا موجودہ مالی سال میں اس کے لیے کوئی فنڈ رکھا گیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، مینگل صاحب۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل (وزیر مملکت برائے پٹرولیم)، میں اس کے متعلق یہ کہوں گا کہ یہ بہت پرانا case ہے۔ 1992ء سے یہ آ رہا تھا۔ پہلے ایران اور پاکستان کے اشتراک سے بننا تھا لیکن پھر وہ نہیں ہو سکا۔ بعد میں پھر کوشش کی گئی اور اب اس کی تجویز سامنے آ گئی ہے اور ECC نے اس کی approval دی ہے تو اس پر کام ہو گا۔ انشاء اللہ کوشش کی جا رہی ہے کہ یہ 2011ء تک اپنا کام شروع کر دے۔ اس وقت تک تمام formalities پوری ہونی چاہئیں۔ اس وقت تک 3.5 billion خرچہ آئے گا۔ اس کے ساتھ ہی گوادر میں ریفائنری کے لیے بھی ہم نے لوگوں کو invite بھی کیا ہے تاکہ گوادر پورٹ پر بھی ریفائنری قائم کی جائے۔ علاوہ ازیں مزید ریفائنری کے لیے کہیں تو اس کے لیے بھی concession دینے کے لیے گورنمنٹ تیار ہے اوراس کے لیے NOC کی کوئی ضرورت نہیں تاکہ ہمارے products یہاں آ سکیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، رخسانہ زبیری صاحبہ۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، جی، میرا خیال ہے کہ وہ تو مستقبل کا بھی جواب دے گئے ہیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، کس کیفیت میں ہیں حالات۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، یقیناً ECC نے 31 October 2006 کو approve کیا تھا۔ چونکہ یہ ابوظہبی کے ذریعے ہوگا تو اس سال کے لیے فنڈز انہوں نے ضرور رکھے ہوں گے۔ اس پر کارروائی شروع کر رہے ہیں اور یہ 2011ء تک مکمل ہو جائے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سینیٹر کامران مرتضٰی۔

سینیٹر کامران مرتضٰی، کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ جو زمین refinery کے لیے دی گئی ہے یہ کس کی ملکیت تھی، اس کی قیمت کیا ہے اور اس کی cost جس پرائیویٹ سیکٹر

میں دی گئی ہے' اس سے لی گئی ہے اور اس کو دینے سے پہلے کیا دوسری پارٹیوں کو invite کیا گیا تھا کہ وہ اپنی offersپیش کریں؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل ، اس سلسلے میں عرض ہے کہ پہلے یہ ایران کے اشتراک سے قائم ہونی تھی۔ اس کے لیے پیراک کا محکمہ بن گیا۔ انہوں نے ایک ہزار ایکڑ زمین لی تھی۔ چونکہ وہ finalize نہیں ہو سکا تو اب وہ ایک ہزار ایکڑ زمین ان کو دی جائے گی کہ وہ اس پر ریفائنری قائم کریں۔ اس میں چونکہ پارکو بھی ہے اور پارکو میں تقریباً 60% Government of Pakistan کا ہے 40 % ابوظہبی کا ہے تو چونکہ یہ government to government level پر ہو رہا ہے تو ان کو وہ زمین دی جائے گی تاکہ وہ install کرکے اس کو چلائیں اور ownership Government of Pakistan کی ہو گی۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین ، 1992 کا کہہ رہے ہیں کہ اس زمانے میں بھی گورنمنٹ کی تھی۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ ، اس زمانے میں بھی کون سی گورنمنٹ کی تھی ، Government of Balochistan کی تھی یا Government of Pakistan کی تھی؟ پھر اگر زمین دی گئی ہے تو اس کے لیے کوئی cost وصول کی گئی ہے یا نہیں کی گئی' اس کو بھی گول کر گئے ہیں۔ یہ ذرا بتا دیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل ، یہاں گول کرنے کی بات نہیں ہے' میں نے clear بات کی تھی کہ یہ finalize نہیں ہو رہا تھا' بہت پرانا مسئلہ تھا تو ابھی ابوظہبی والے راضی ہوگئے تو ان کو دے دی گئی ہے۔ یہ Government of Pakistan کے محکمہ پیراک کی زمین ہے' یہ ان کو دی گئی ہے تاکہ یہ ریفائنری لگا کر ہمارے ساتھ تعاون کریں اور ہمارے اپنے پٹرول کو refine کرنے میں ہمیں سہولت ملے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ ، جناب والا پھر نہیں بتایا کہ زمین مفت دی گئی ہے یا پیسوں سے دی گئی ہے اور یہ زمین کس کی ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین، زمین 1992 میں allot ہوئی تھی اور پیراک کی زمین تھی۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ، اب ان کو جو زمین دی ہے تو اس کی cost ان سے لی گئی ہے۔

Mr. Acting Chairman: Property remains with the Government of Pakistan.

سینیٹر کامران مرتضیٰ، حکومت پاکستان نے اس پروجیکٹ کے لیے زمین مفت دی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اس زمین کی شکل میں اپنا حصہ ڈالا ہوگا۔ آج کل مفت میں تو کوئی کسی کی طرف آنکھ بھی نہیں اٹھاتا۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ، معزز وزیر یہ کہہ دیں کہ اپنا حصہ زمین کی شکل میں ڈالا ہوگا تو پھر ہم مان لیں گے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ پارکو میں 60% share already Government of Pakistan کا ہے۔ کیونکہ پاکستان کا ابوظہبی سے اشتراک تھا تو اس لیے ownership Government کی ہوگی، وہ ریفائنری چلے گی، ملکیت پاکستان کی ہوگی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سوال نمبر 113 ۔

113. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 28-11-2006 at 14:53 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the number of officers working in SSGPL with grade-wise and province-wise break-up?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: 1893. The grade-wise and province-wise break-up is indicated in the attached Annex-A.

ANNEXURE-A

Government of Pakistan
Ministry of Petroleum and Natural Resources

Summary of Executives (Domicile-wise/Grade-wise) working in SSGCL as on 31.12.2006

Career Terms/Contract (Included in the Establishment)

Grade	Domicile							Total
	Punjab	Sind-Rural	Sind-Urban	NWFP	Balochistan	Azad Kashmir	FATA	
G-IX	1	-	5	-	-	-	-	6
G-VIII	3	4	9	1		-	-	17
G-VII	5	16	25	1	1	-	-	48
G-VI	6	21	38	6	1	-	-	71
G-V	21	40	67	14	13	-	-	138
G-IV	23	60	102	7	16	1	-	207
G-III	39	231	279	15	48	-	1	613
G-II	8	249	97	8	17	-	-	378
G-I	7	289	68	7	16	-	-	385
Others	1	4	10	-	-	-	-	15
Sub-Total	**114**	**915**	**701**	**49**	**112**	**1**	**1**	**1893**

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! میں نے وزیر صاحب سے پوچھا تھا Sui Southern Gas Pipeline میں کام کرنے والے افسروں کی grade-wise and province-wise تعداد بتائیں۔ انہوں نے کل 1893 ملازمین کی تعداد بتائی ہے۔ اس میں آپ دیکھیں کہ گروپ 9 یا گروپ 8 میں بلوچستان کا کوئی افسر نہیں یعنی جو بڑے افسر ہیں ان میں بلوچستان کا ایک افسر بھی نہیں ہے اور گروپ چھ اور سات میں بھی بلوچستان کا ایک ایک آدمی ہے۔ اس کے بعد کلرک یا نائب قاصد ہیں یا اس طرح کے جو ملازمین ہیں وہ کل 1893 میں سے 112 ہیں اور سندھ کے 915 اور 701 ہیں یعنی 1616 تو میرا سوال وزیر صاحب سے

ہے اور مجھے خوشی ہے کہ ان کا تعلق بھی بلوچستان سے ہے اور ان کو بلوچستان کے بارے میں دلچسپی بھی ہے تو گیس جو بلوچستان سے نکلتی ہے اس حوالے سے گیس میں ہمارا کوٹا نہیں ہے۔ بلوچستان جس مقدار میں گیس پاکستان کو سپلائی کر رہا ہے، بہت عرصے سے کر رہا ہے اس وقت سے جب بلوچستان سے گیس نکلی تھی ، کہیں بھی گیس نہیں تھی، ہم نے پورے پاکستان کو گیس سپلائی کی۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب بتائیں کہ یہ جو بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور سندھ کے ملازمین کی تعداد بڑھ گئی ہے اور بلوچستان کے ملازمین کی تعداد کم ہے، اس کی وجہ کیا ہے اور اس تعداد کو بڑھانے کا کوئی پروگرام ہے یا نہیں؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل ، ڈاکٹر صاحب کا اور میرا ایک ہی صوبے سے تعلق ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ وہ وہاں کے مسائل میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ میں بھی ان کو assure کرنا چاہتا ہوں کہ ہم بھی کوشش میں ہیں کہ بلوچستان کے مسائل حل ہوں اور اس میں ہم اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ چونکہ انہوں نے کہا ہے کہ senior level پر وہاں by promotion ہوتا ہے اور جو بھی آسامی ہوتی ہے وہ advertise ہوتی ہے۔ یہ ادارے merit basis پر بھرتی کرتے ہیں۔ ان کے اپنے Board of Directors ہیں ، ان کے اپنے قواعد و ضوابط ہیں وہ اس کے تحت کام کرتے ہیں لیکن پھر بھی ہم نے یہ حل نکالا ہے کہ بلوچستان کا کوٹا جو ابھی 6% کیا ہے پہلے 3.5% تھا اس کا پورا کیا جائے اور کوشش کر رہے ہیں کہ Organisations میں بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو کھپایا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ابھی تک mover ہی سوال پوچھ رہے ہیں۔ جی۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی ، ہماری زندگی میں بلوچستان سے افسروں کے کھاتے میں کوئی آئے گا ، نہیں آئے گا؟ اس کا طریقہ کار کیا ہے کہ جو بھی بڑے main policy والے ادارے ہیں ان کے جو MDs ہیں، ڈائریکٹرز ہیں ان میں بلوچستان کا کوئی بھی نہیں ہے۔ ان کے بارے میں یہ جواب دیا جاتا ہے کہ بلوچستان کا promotion board کرے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کا ضمنی سوال یہ ہے کہ کوئی آفیسر بلوچستان سے متوقع ہے یا نہیں بنے گا، سوئی سدرن گیس privatize ہو جائے اور پھر بھی کچھ نہیں ہو گا۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، یہ اس طرح بچ جائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی میر نصیر صاحب۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، میں ڈاکٹر صاحب کا بہت احترام کرتا ہوں، یہ میرے بھائی ہیں، قابل احترام ہیں۔ میں نے بتایا کہ اس سے پہلے بھی بلیدی صاحب چھ سال سینیٹ میں رہے ہیں، کاش کہ اس وقت اتنے ہنگامے کرتے اور یہ مسائل حل کرتے، ہم ابھی آئے ہیں بلکہ ان کو پابند کیا گیا ہے۔ ہر ادارے کے اپنے rules, regulations ہوتے ہیں پھر بھی ان کو پابند کیا ہے کہ ہم یہ کرلیں۔ انشاء اللہ کوشش ہو رہی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آخری ضمنی سوال ہے پٹرولیم پر۔ ڈاکٹر مالک بلوچ صاحب۔ جی وہ contract پر تھے۔ ڈاکٹر مالک صاحب۔ میڈم میں اس کی وضاحت کردوں گا۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے گزارش کروں گا یہ related question نہیں ہے۔ یہ میں آپ سے گزارش کرتا ہوں اس ایوان کے توسط سے کہ پانچ بگٹی نوجوان انجنیئروں کو پچھلے چار، پانچ مہینوں میں نکالا گیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، پی پی ایل سے نکالا گیا ہے یا سوئی سدرن گیس سے۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، پی پی ایل سے نکالا گیا ہے۔ آپ میری گزارش تو سنیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، کیونکہ یہ سوئی سدرن گیس پر سوال ہے ۔جی بولیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، میں آپ کے توسط سے گزارش کرتا ہوں کہ ان لوگوں نے representation دی ہے، وہ representation نصیر صاحب کی تمام تر خواہشات کے باوجود نہیں ہوسکی۔ میری گزارش ہے کہ وہ جو پانچ انجنیئر نوجوان ہیں، ان کو نکالا گیا ہے، آپ حکومت کی طرف سے کوشش کریں کہ ان پانچ نوجوانوں کو وہ بحال کرلیں کیونکہ وہ وہیں کے رہنے والے ہیں اور بغیر بتائے ان کو نوکری سے نکالا گیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میرا خیال ہے انہوں نے نوٹس لے لیا ہے اور اس سلسلے میں ضرور کچھ نہ کچھ کرلیں گے۔ آخری سوال اگر اس طرح کریں گے تو پھر سوالات رہ جائیں گے۔ اعوان صاحب یہ اتنے ضروری آپ کے سوالات رہ جائیں گے۔ تقاریر بعد میں کرلیں۔ مہربانی کرکے بیٹھ جائیں۔ جی بنگزئی صاحب یہ آخری ضمنی سوال ہے کیونکہ اس کے بعد پھر اگلے سوال پر چلیں گے۔ جی بنگزئی صاحب زور سے بولیں، دھیمے انداز میں تو آج کل کوئی نہیں سنتا۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی ، جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ اس میں grade-wise اور Province-wise جتنی بھی تفصیلات دی گئی ہیں وہ بالکل بجا ہوں گی لیکن میں ان 576 درجہ چہارم کے ملازمین کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں جن کو انہوں نے بیک جنبش قلم سوئی سدرن گیس سے نکال دیا اور جس کے متعلق مسلسل چار سال سے ہمارا کیس چل رہا ہے۔ جناب وسیم سجاد صاحب ہمارے وکیل ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین ، بنگزئی صاحب ! یہ تو matter subjudice ہو گیا ہے۔ اس کو ہم کیسے لے آئیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی ، یہ کیس سپریم کورٹ سے وہ جیت بھی چکے ہیں۔ اس کے باوجود یہ ان کو نہیں رکھ رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی، اس پر میر نصیر سے علیحدہ بھی بات ہوگی۔ یہ تو عدالتی معاملہ ہے اس کو یہاں نہیں لے سکتے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی ، اس ایوان میں بات کی جائے تاکہ ہمیں پتا چلے کہ ان کا کیا قصور ہے۔اس وجہ سے contempt of Court ہو رہا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی ٹھیک ہے۔ ابھی 15 منٹ کے بعد نماز ہوجائے گی اور Question Hour ختم ہو جائے گا۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، سپریم کورٹ نے جن کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ اس کے متعلق مینگل صاحب ہمیں بتا دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی بابر اعوان صاحب۔

سینیٹر طارق عظیم (وزیرمملکت برائے اطلاعات و نشریات)، جناب چیئرمین! میں ابھی صحافی بھائیوں سے مل کر آیا ہوں۔ سہیل قلندر صاحب کا جو واقعہ ہوا ہے اس میں ہم سب کو بہت concern ہے ۔ ابھی وزیرمملکت صاحب نے جو بیان دیا ہے ، میں نے بھی ان کو assure کروایا ہے کہ کل شام کو رات کو ساڑھے نو بجے تک ہم اس پر کام کر رہے تھے اور آج بھی بیان دے دیا گیا ہے لیکن اس کے علاوہ باقی کل کی بھی جو کارروائی ہوگی ، انشاء اللہ پرسوں ان کو دوبارہ Friday کو اس بارے میں update کر دیا جائے گا اور اس میں حکومت سنجیدہ ہے۔ جب صوبائی حکومت کی بات کی جاتی ہے تو یہ توحقیقت میں ایم ایم اے کی حکومت ہے۔ یہ واردات صوبائی حکومت کے علاقے میں ہوئی ہے تو جب ایم ایم اے کی حکومت کی بات کرتے ہیں تو ہم کوئی سیاسی بیان نہیں دے رہے ہوتے ہیں بلکہ matter of fact کی بات کر رہے

ہوتے ہیں لیکن ان کو بھی ہم involve کر رہے ہیں، Home Secretary, I.G. Police, Chief Secretary سب involve ہیں اور انشاء اللہ پرسوں دوبارہ اس کے بارے میں ہم بیان دیں گے۔ اللہ کرے کہ پرسوں تک سہیل قلندر واپس آ جائیں اور شاید ہمیں پرسوں بیان دینے کی ضرورت ہی نہ پڑے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ہمیں صحافی کی زندگی عزیز ہے۔ سلیم سیف اللہ صاحب۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ (وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ)، جناب چیئرمین! میں سہیل قلندر کو ذاتی طور پر جانتا ہوں، وہ ہمارے صوبہ سرحد کے بڑے نامور صحافی ہیں اور پچھلے دنوں پشاور میں میری ملاقات بھی ہوئی تھی۔ پشاور پریس کلب کے جو صدر ہیں ریاض صاحب اور شمیم شاہد صاحب اور میں نے خود آئی جی پولیس اور گورنر سرحد سے رابطہ کیا اور دوسرے حضرات سے، تو ہر سطح پر کوشش کی جا رہی ہے۔ آپ نے صحیح فرمایا کہ قبائلی علاقے میں چند ماہ قبل خود میرے ایک قریبی عزیز کو برائے تاوان اغوا کیا گیا تھا اگر آپ بہت تیزی کریں اور بمباری شروع کردیں تو شاید اس سے مسئلہ حل نہ ہو کہ اس معاملے میں جہاں پر بڑے صبر و تحمل سے صحافیوں نے ہمارا ساتھ دیا ہے، چند دنوں کی بات ہے امید ہے، یہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔ صحافی اسی طرح ہمارا ساتھ دیں۔ مجھے امید ہے کہ سہیل قلندر صاحب اور ان کے ساتھی خیریت سے گھر آ جائیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، انشاء اللہ۔ جی الیاس بلور صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور، جناب چیئرمین! میں وزیر برائے صوبائی رابطہ جناب سلیم سیف اللہ خان کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہمارے point of order کو اٹھایا اور اچھے طریقے سے جواب دیا۔ سہیل قلندر بہت ہی سینیئر صحافی ہیں، یہ کوئی چھپی بات نہیں ہے۔ جناب میرا point of order ایک بہت ہی important point of order ہے جو تینوں صوبوں سے تعلق رکھتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی، جی بالکل۔

RE: NIPA COURSE IN LAHORE

سینیٹر الیاس احمد بلور، میرا point of order یہ ہے کہ نیپا جو کہ کوئٹہ میں بھی ہے، میرا خیال ہے آپ بھی جا چکے ہوں گے، نیپا کراچی میں بھی ہے، نیپا لاہور میں بھی ہے

Please order in the House sir.

جناب قائم مقام چیئرمین، کامل آغا صاحب specially الیاس بلور جو نکتہ اٹھا رہے ہیں that is very important سلیم سیف اللہ صاحب آپ بھی۔ بلور صاحب آپ میری طرف دیکھیں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور، ہمارے نوریز شکور صاحب بڑی گپ لگا رہے ہیں۔ یہ کیا بات ہے۔ میں آپ کو ہی کہہ رہا ہوں کہ House in order کریں۔ جناب! عرض یہ ہے کہ نیپا چاروں صوبوں میں ہے اور ہمیشہ یہ ہوتا تھا کہ انیس گریڈ سے بیس گریڈ تک جب promotion ہوتی تھی، وہ اپنے صوبے میں نیپا کے دفتر میں ہوتی تھی۔ بیس سے اکیس گریڈ میں جب کوئی افسر جاتا ہے تو وہ پھر سٹاف کالج لاہور یا National Defence College اسلام آباد میں ہوتی تھی۔ آج ایک نئی چیز چلی ہے جس کا مجھے بہت زیادہ افسوس ہے اور خوف ہے کہ یہ پھر ون یونٹ بن گیا ہے۔ انیس سے بیس کے افسران کو letter ملا ہے کہ they should report on 19th of February to Lahore for the promotions. میں محترم وزیر سلیم سیف اللہ خان صاحب کا مشکور ہوں، میں نے سنا ہے کہ انہوں نے بھی اس اطلاع پر وزیراعظم کو ایک خط لکھا ہے۔ میرے خیال میں یہ بیٹھے ہوئے ہیں یہ اس بات کو clear کریں گے۔ مجھے اطلاع ملی ہے لیکن جناب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ انیس سے بیس گریڈ کا جو صدیوں سے سلسلہ چلا آ رہا ہے ہر صوبے میں نیپا ہے وہاں ہی ان کی training ہوتی تھی لیکن جب تک آپ نے نیپا کورس نہ کیا ہو آپ promote نہیں ہوسکتے۔ جب تک آپ نے سٹاف کالج نہ کیا ہو آپ اکیس گریڈ میں نہیں جا سکتے۔ یہ کیا رواج ہے یا یہ Establishment والوں نے کوئی نئی رسم نکالی ہے یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ کیا یہ پھر ون یونٹ بن گیا ہے؟ حقیقت میں دیکھا جائے تو جو حالات اس وقت ملک میں چل رہے ہیں اس میں صوبوں کا تو

کوئی اختیار ہے ہی نہیں۔ سارا اختیار ایک فرد کے پاس ہے، ون یونٹ بن چکا ہے۔ جناب! آپ کو یاد ہوگا آپ وزیراعلیٰ بھی رہے ہیں۔ کئی بار افسران جاتے ہیں وہ دن کو نیپا کورس کرتے ہیں اور شام کو اپنا office بھی attend کرتے ہیں۔ اپنے بچوں کے پاس بھی رہتے ہیں۔ یہ کونسا طریقہ ہے کہ نیپا میں جو کراچی کے لوگ ہیں، کوئٹہ کے ہیں، اور جو سرحد کے لوگ ہیں وہ آئیں گے اور لاہور میں آ کر نیپا کورس کریں گے۔ تب اس کے بعد ان کی ترقی ہوگی۔ جناب! میں اس بات پر احتجاج کرتا ہوں اور میں سلیم صاحب کو اس بات پر appreciate بھی کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ مسئلہ وزیراعظم سے take up کیا ہے لیکن ابھی تک اس کا کوئی حل نہیں نکلا تو اس لیے مجھے مجبوراً یہ بات ایوان میں لانی پڑی اور میں سلیم سیف اللہ خان کو appreciate کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : میرے خیال میں سلیم سیف اللہ صاحب اس کا بہتر جواب دے سکیں گے۔ جی honourable Minister for Provincial Coordination

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان : میں بلور صاحب کا مشکور ہوں کہ آج انہوں نے صوبہ سرحد کا ذکر کیا ہے پختونخواہ نہیں کہا۔ بلور صاحب جو کہہ رہے ہیں وہ میرے نوٹس میں آیا ہے اور میں نے سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ سے بھی رابطہ کیا ہے۔ یقیناً وہ جو فرما رہے ہیں کہ ہر صوبائی دارالحکومت میں نیپا کا دفتر ہے۔ پشاور میں بھی ہے، کراچی میں بھی ہے۔ کوئٹہ میں ابھی تیس کروڑ کی لاگت سے ایک نیا Administrative College بھی بنایا جا رہا ہے۔ یہ جو بیس، اکیس گریڈ کے افسر ہوتے ہیں اب تو Members of Parliament سینیٹرز، ایم این ایز اور MPAs بھی اب NDC اور دوسرے courses میں جا رہے ہیں۔ یہ جو بات کر رہے ہیں، یہ حکومت نے کچھ فیصلہ کیا ہے کہ جو training کر رہے ہیں ان کی تعداد بڑھائی جائے اور چونکہ provincial capitals کی capacity نہیں ہے کہ وہ ان کی training کر سکیں تو اس لیے یہ تجویز سامنے آئی ہے کہ ان کو وقتی طور پر لاہور میں shift کیا جائے۔ یہ کوئی مستقل arrangement نہیں ہے۔ ابھی بھی ہمارا یہ خیال ہے، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ یہ اپنے اپنے صوبوں میں رہیں اور وہیں پر یہ training حاصل کریں۔ لہذا اس پر بحث چل رہی ہے۔ ابھی تک

کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا لیکن جیسا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ تعداد بڑھائی جائے چونکہ اور cadres بھی ہیں، ان کو بھی training دی جائے تو جو provincial capitals میں اس وقت جو ہمارے NIPAs ہیں they can't cater to the additional requirements, اس لیے ان کو لاہور میں train کیا جائے گا۔

سینیٹر الیاس احمد بلور، جناب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ لاہور میں اتنا infrastructure نہیں ہے کہ چاروں صوبوں کے افسران وہاں accommodate ہو سکیں۔ وہاں ایک کمرے میں چار چار، پانچ پانچ آدمیوں کو لٹادیا جائے گا، اس طرح کا کام ہوگا۔ اس لیے میں یہ درخواست کرتا ہوں سلیم صاحب سے بھی اور Leader of the House سے بھی کہ خدارا یہ ایک بڑی important سی چیز ہے۔ یہ تینوں صوبوں، چاروں صوبوں کی بات ہے، اس کو مہربانی کرکے revise کیا جائے۔ ابھی اتنے افسران نہیں ہیں، ابھی ہمارے صوبے میں اتنا infrastructure ہے، سلیم صاحب بھی جا چکے ہوں گے NIPA, میں بھی کئی دفعہ گیا ہوں۔

Senator Saleem Saifullah Khan: Sir, I would like to assure the Senator and the House that we will review this situation and come back to the House.

Mr. Acting Chairman: Thank you. With the first week of March

انشاء اللہ کچھ کرادیں گے۔ جی رضا ربانی صاحب۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I will just take a minute. Mr. Chairman, I will just clarify the question of the matter being subjudice. Sir, as I said, I had the record before me and I was going through that and in that, there was a letter that was sent by Mr. Enver Baig's son. I have just checked with him which referred to a civil suit pending in the High Court of Sindh. He has just now informed me, sir, that once the letter of

acceptance had been given, a dispute arose to the extent of whether the contract should be signed first or the money be deposited. As a consequence it formed a dispute between the Cantonment Board and this firm. To that extent he had gone to the court and in the meantime the Com. kar intervened and there was an out of court settlement and the agreement was signed and the money was deposited with the bank and that civil suit has now lapsed because that dealt with that specific question of whether the money should be deposited first or the contract should be signed. But since there was an out of court settlement, that suit has now become infructuous in terms of the out of court settlement. Therefore, the cause of action to which I was referring to is not subjudice before any court of Sindh.

جناب قائم مقام چیئرمین ، رضا ربانی صاحب کل I will be available in the office جس سینیئر افسر سے متعلقہ محکمے میں بات کرنی ہے میں آپ کے سامنے بات کروں گا۔

We will find the way out. I will be available to you at 11.30 we will try to meet the biggest man who matters in that set up. I will talk to him myself.

اس طرح کر لیتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، وصی ظفر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں Lay کروالیں ۔

Mr. Acting Chairman: Before I move further with the permission of the House

جتنی leave application ہیں please accept them کیونکہ ان کو cover کرنا پڑے گا۔

Senator Kamil Ali Agha: With in two minutes.

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ lay کرنا ہے۔ یہ دو منٹ میں جج کے بعد آرڈیننس

lay کرنے آئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، آپ کی مہربانی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ایک منٹ میں آجاؤں item No. 4 پر جو عمر ایوب صاحب کا ہے۔

LAYING OF REPORT AND ORDINANCES

Senator Kamil Ali Agha: Mr. Chairman on behalf of state Minister for Finance lay before the Senate the first quarterly report for the year 2006-07 of the Central Board of the Directors of State Bank of Pakistan on "The State of Pakistan's Economy" as required under Section 9A (f) of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

Mr. Acting Chairman: Report stands laid. Item No. 5.

Mr. Muhammad Wasi Zafar (Minister for Law, Justice and Human Rights): I beg to lay the Khushhali Bank (Amendment) Ordinance, 2006 (Ordinance No. XXXVII of 2006).

ii. The Patents (Amendment) Ordinance, 2006 (Ordinance No. XXXVIII of 2006).

iii. The Industrial Development Bank of Pakistan (Reorganization and Conversion) Ordinance, 2006 (Ordinance of No. XXXIX of 2006) before the Senate the following Ordinances as required by clause (2) (a) (ii) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. read in Sub Rule (1) of Rule 132 of the Rules of Procedure and Conduct in the Senate.

Mr. Acting Chairman: The Ordinances stand laid. Yes Abdul

Malik.

Senator Kamil Ali Agha: As agreed kindly allow me to move a motion under Rule 194 which will be discussed tomorrow, the House may discuss the fares of PIA.

Mr. Acting Chairman: We have agreed already. Thank You very much. We will discuss it tomorrow for two hours. Senator Abdul Malik on point of order.

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، جناب والا! میں ایک اہم پوائنٹ آپ کے سامنے لانا چاہتا ہوں کہ ہمیں جو کریڈٹ رہا ہے کہ جتنے ہمارے social indicators and economical indicators ہیں وہ below تھے لیکن ہم کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کا آدھا حصہ ہیں۔ یہ ہمارا کریڈٹ تھا۔ اب میں اس floor کے سامنے سنجیدگی سے رکھتا ہوں کہ خدا کے لیے ہماری باتوں کو آپ سنیں۔ اب گڈانی سے لے کر جیونی تک 770 کلومیٹر جو ہماری لائن ہے، پہلے میں نے عرض کیا تھا کہ ہنگول میں دو لاکھ ایکڑ ائرفورس کو دیا گیا۔ تین سو ساڑھے تین سو کلو میٹر، کلومیٹر کی میں بات کر رہا ہوں ایکڑ کی بات نہیں کر رہا۔ اوڑہ ماڑہ تمام سب ڈویژن کو کنٹونمنٹ بورڈ declare کیا گیا ہے۔ اب ظلم یہ ہے کہ پسنی کی تمام ارضیات جو لوگوں کی ہے، ان کو گورنمنٹ نے اپنا declare کیا ہے کہ جی یہ ہمارے ہیں۔ میں دو باتوں پر زور دوں گا۔

دوسری بات جو port and shipping division کر رہا ہے کہ گڈانی کو، میں بلوچستان کے نمائندوں کی توجہ چاہتا ہوں، تمام ایوان کی توجہ چاہتا ہوں کہ گڈانی کو جو بلوچستان کا حصہ ہے اس کو سازش کے تحت KPT کے ساتھ جوڑ رہے ہیں۔ یہ بات ہم نے پہلے بھی کہی تھی کہ گوادر کو ایک سازش کے ذریعے بلوچستان سے الگ کر کے اسلام آباد کے حصے میں لا رہے ہیں۔ لوگوں نے کہا کہ نہیں آپ لوگ جھوٹ بول رہے ہیں۔ اب پچھلے دنوں جو سابقہ کور کمانڈر تھے اور سابقہ گورنر تھے، جنرل قادر نے اپنے انٹرویو میں یہ اعتراف کیا کہ فیڈرل گورنمنٹ کا pressure تھا کہ گوادر کو بلوچستان سے detach کرو اور مرکزی حکومت کا حصہ بنا

دو۔ یہ ہمارے ساتھ ہو رہا ہے۔ گوادر کی ارضیات پہلے لے گئے، پسنی کی ارضیات کو لے رہے ہیں۔ گوادر اور پسنی سے پونے دو لاکھ ایکڑ زمین کاٹ کر مرکزی حکومت لے رہی ہے کہ جی مجھے کنٹونمنٹ بنانے ہیں، مجھے ائرپورٹ بنانے ہیں۔ مجھے Oil refinery چائنا کے لیے بنانا ہے۔ یہ جو آپ کر رہے ہیں، یہ تو میں سمجھتا ہوں کہ colonies والوں نے بھی اس طرح نہیں کیا ہے۔ اگر آپ ہمیں اپنا سمجھتے ہیں تو خدا کے لیے ہماری سرزمین کو اس طرح نہ چھینیں۔ ہمارے پاس تو یہی ایک coast ہے۔ اس کو آپ لے گئے ہیں اب ہم کہاں پر stand کریں۔ میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ یہاں پر ہمارے سینئیر سیاستدان بیٹھے ہوئے ہیں وہ ان چیزوں کو دیکھیں۔ اب بلوچستان میں وقت آگیا ہے لوگوں کی مار دھاڑ، قتل و غارت، بمباری سب چالو ہے اور اس کی آڑ میں جو کچھ آپ کو پچھلے پچاس سال میں کرنا تھا اب گڈانی کو بھی لے کر جا رہے ہیں۔ اروماڑ آپ لے گئے ہیں۔ پسنی، گوادر اور جیونی کو آپ لے گئے ہیں۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ ان چیزوں کو آپ سنجیدگی سے لے لیں۔ اگر یہ صورت حال رہی تو ہم کہیں کے نہیں رہیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سینیٹر یاسمین شاہ آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں پھر میں سلیم سیف اللہ صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں۔

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ، جناب! میرا ایک point of order ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی میں ابھی point of order لانا نہیں چاہتا تھا۔

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ، جی میرا point of order National Highway Authority کے متعلق ہے۔ جناب! تنگر پارکر، ٹھٹھہ، بدین، کراچی اور مٹھی ان سب کو آپس میں National Highway connect کرتا ہے اور اس کی حالت بہت خستہ ہے۔ میری گزارش ہے کہ اس کی enquiry کرائی جائے اور اس کا کام دوبارہ شروع کرایا جائے۔ اس کی حالت اتنی خراب ہے کہ ہم وہاں پر نئی گاڑی لے کر جاتے ہیں، وہ چھ مہینے کے بعد بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ آپ کے توسط سے میں کہنا چاہتی ہوں کہ یہ کام کس نے کیا ہے اور اتنا غلط کام کیا ہے کہ وہ روڈ خراب بھی ہو گئی ہے یعنی چار مہینے میں ہی وہ اکھڑ گئی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی وہ شمیم صدیقی صاحب سے پوچھ لیں گے۔ We come down to item No.2 (b)

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، اس کے بعد کریں گے نہیں تو پہنچ نہیں پائیں گے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، جی، جی لیاقت بنگزئی صاحب۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، آج ہمارے ایجنڈے پر سب سے پہلا آئٹم Functional Committee کی report lay کرنا تھا۔ آج آپ نے دس نمبر سے شروع کیا، پھر نو، پھر آٹھ پر۔ میں کہتا ہوں کہ rules and procedure کی violation ہو رہی ہے۔ اگر ہم اسی order کے تحت چلتے رہے تو اس وقت تک ہماری فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانی کی report تین دن سے lay ہونے کی منتظر ہے۔ اب ہم دس نمبر سے شروع کر کے ایک کی طرف جا رہے ہیں---

جناب قائم مقام چیئرمین، We are riding back وہ Bill جلدی pass کرانے تھے، اس لیے کرائے تھے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب! پھر یہ بھی ہو نا، کہ آپ کہتے ہیں---

جناب قائم مقام چیئرمین، ابھی Adjournment Motion پر واپس آتے ہیں۔ جی سینیٹر صفدر عباسی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میری صرف ایک سیکنڈ کی گزارش ہے۔ ایک تو یاسمین بی بی نے جو پوائنٹ اٹھایا ہے تنگرپارکر highway کے متعلق جو عمر کوٹ کی طرف جا رہا ہے، اس کی situation بڑی خراب ہو گئی ہے۔ ان کو support کرتے ہوئے میں آپ کے توسط سے حکومت سے گزارش کروں گا کہ سہون، رتوڈیرو روڈ کے لیے last time شمیم صدیقی صاحب نے یہ assurance دی تھی کہ ہم اس روڈ کی construction 2007 میں شروع کریں گے۔ میری آپ کے توسط سے حکومت کو گزارش ہو گی کہ جناب! Indus

Highway, پشاور تک بن چکا ہے، اس کا ایک section رہ گیا ہے، مہربانی فرما کر حکومت پاکستان ذرا توجہ دے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ آپ نے نوٹس لے لیا ہے، شمیم صدیقی صاحب کو راجہ امین صاحب منگوائیں۔ Let us go to the Adjournment Motion. جی رضا صاحب۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب! جاپان کا بائیس کروڑ روپے کا ایک پروگرام ان districts کے لیے ہے جہاں refugees رہے تھے۔ ان کی relief کے لیے، water supply یا کوئی چھوٹا سا ڈیم یا کوئی health facility یا کوئی روڈ۔ پشتونخواہ صوبے والوں نے تو اپنا فنڈ استعمال کر لیا ہے۔ اب ہمارے صوبے میں ہمارے منسٹر صاحب یہ چاہ رہے ہیں کہ ان districts میں جہاں refugees تھے، وہاں پرکوئی کام نہ ہو۔ وہ چاہتے ہیں کہ Rig machines لی جائیں شاید انہوں نے کچھ کیا ہے اور وہ مشینری لینا چاہتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ کون سے منسٹر صاحب ہیں؟

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب! رند صاحب منسٹر ہیں۔ جناب! انہوں نے اپنے district میں، جہاں سے refugees کا کوئی تعلق بھی نہیں تھا، وہاں پر کوئی سکیم وغیرہ بنائی ہے۔ اب وہ rig machines لینا چاہتے ہیں اور پھر وہ اس کا پتا نہیں کیا کرنا چاہتے ہیں۔ اس صوبے میں نوشکی سے لے کر ژوب تک کے districts میں Afghan refugees رہے ہیں، وہاں کے لیے جاپان نے بائیس کروڑ روپے کا عطیہ دیا ہے جناب! اس کا ذرا نوٹس لیا جائے کہ یہ عطیہ ان علاقوں میں خرچ ہو جو Afghan refugees کی موجودگی کی وجہ سے متاثر ہوئے تھے۔ وہاں پر کوئی ایسا کام جو قابل عمل ہو یا وہ ان متاثرہ districts کے لوگوں کے فائدے میں ہو، بجائے اس کے کہ آپ کوئی مشینری لیں اور پھر اسے اپنے علاقوں میں لگائیں یا کہیں کمیشن کا شکار ہو جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، رضا صاحب! آپ کل میرے office میں آ جائیں، میں آپ کے روبرو خود ان سے بات کروں گا۔

سینیٹر رضا محمد رضا، ٹھیک ہے جناب! thank you.

جناب قائم مقام چیئرمین، Adjournment Motion پر آ جائیں،

Item No. 2 on the reduction in the prices of petrol and diesel. Movers are Madam Rukhsana Zuberi, Raza Rabbani, Ilyas Bilour, Safdar Abbasi, Zaheer-ud-Din Babar Awan, Prof. Khurshid Ahmed and Muhammad Enver Baig. Please somebody should move it.

ADJOURNMENT MOTION

RE: REDUCTION OF PETROL AND DIESEL PRICES

Senator Engr. Rukhsana Zuberi: Sir, I beg to move Adjournment Motion with reference to recent reduction in prices of petorl and diesel. Sir, on Tuesday, the 15th January 2007, the Government reduced prices of petrol by Rs. 4 per liter and diesel by Re. 1 per liter. Sir, this reduction in price.

سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم اس کو کیا کہیں۔ اس کو اس ملک کے کروڑوں عوام کے ساتھ مذاق کہیں یا زخموں پر نمک پاشی کہیں۔ جناب! یہ جو prices-------

(مداخلت)

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین ! کیا اس oil prices motion کو وزیر صاحب oppose نہیں کر رہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین، کامل علی آغا صاحب یا نصیر مینگل صاحب کیا آپ اس motion کو oppose کرتے ہیں؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جی ہاں جناب! میں اس کو oppose کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی رخسانہ زبیری صاحبہ short statement دیں۔

Senator Engr. Rukhsana Zuberi: Sir, the present prices

which were fixed and which were enforced prior to 15th January, 2007 they were based on crude oil price of 69 to 70 dollars that was August-September 2005 and sir, today, the prices in International markets (OPEC) market price is US$ 50 per barrel. So, we are talking of 18 dollars difference, sir, on 50 dollars. So, we are talking of 36% reduction in price.

Sir, as you are aware we use one and a half billion litre of petrol and we use about 10 billion liter of diesel.

جناب! اگر آپ پٹرول کی قیمت دیکھیں تو جنوری ۱۵ کو صرف جو چار روپے کا reduction ہوا ہے تو margine of marketing companies اس میں چوبیس پیسے فی لیٹر کا فرق چار روپے کیسے بنتا ہے' اور سیلز ٹیکس میں 53 پیسے کا فرق پڑتا ہے' freight میں پچاس پیسے کا فرق پڑتا ہے۔ اگر ہم 36% reduction پر جائیں تو آپ محسوس کر سکتے ہیں' سوچ سکتے ہیں کہ اس وقت کیا price ہوگی۔ یہ price 2005 August/September سے پہلے یا اس لیول پر۔

دوسری اہم بات یہ ہے کہ جب ہم ex-refinery petrol price دیکھتے ہیں as of July15 تو جو اس وقت enforce ہے that is Rs.25 97 paisas اور اس کے اوپر جو petroleum development levy لی جا رہی ہے وہ 14.85 روپے ہے ۔ So, it is about 80% more than what it should be اور جناب اس loading کی وجہ سے petroleum development levy's distribution margine, deal as margine Sales Tax یہ سب چیزیں تقریباً ڈیڑھ روپے فی لیٹر کے حساب سے تھا جب ہم صرف چار روپے کم کر رہے تھے۔ اگر ہم 36% نکال دیں' اگر ہم قیمت میں سے petroleum development levy ختم کر دیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس وقت قیمت آدھی سے بھی کم ہو جائے گی اور اس کا مطلب ہے 1.5 billion liter in about Rs.24.

تیسری بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں ایک فیشن ہے کہ ہم جب چاہتے ہیں تو کسی بھی

ملک سے اپنے آپ کو compare کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بجائے اس کے comparison چیزوں کا ہو' equal parameters کا ہو ' ہم apple and orange compare کرتے ہیں۔ جناب! Indian prices کا بہت شور ہے اور ہروقت کہا جاتا ہے کہ Pakistani prices سے Indian prices سے کم ہیں۔ جناب! اگر آپ دیکھیں۔ میرے پاس اپریل ۲۰۰۶ء کی وہاں کی قیمتیں ہیں۔ اگر انڈیا میں پٹرول کی قیمت انسٹھ روپے تھی تو پاکستان میں چھپن روپے بانوے پیسے تھی۔ اب taxes دیکھیں۔ یہ ex-refinery price تھی اب اس پر آپ tax add کریں گے تو انڈیا حکومت میں انسٹھ روپے کے اوپر چالیس روپے سینتیس پیسے ٹیکس لے رہی تھی اور ہمارے ہاں حکومت بائیس روپے ننانوے پیسے لے رہی ہے تو آپ اگر دو روپے کا فرق کرکے دیکھیں کتنا بڑا نقصان حکومت پاکستان کو پہنچایا جا رہا ہے۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ آپ ٹیکس بڑھائیں۔ ہم آپ کو یہ بتا رہے ہیں کہ ان کے ٹیکس زیادہ ہیں اور یہ پیسہ ہمارے ہاں جو حکومت کم وصول کر رہی ہے یہ پرائیویٹ ریفائنریز کو جا رہا ہے marketing companies کو اور اس ملک کے غریب عوام سے وہ پیسہ ناجائز طور پر لیا جا رہا ہے۔

جناب! اگر آپ ڈیزل کی قیمت دیکھیں جو کہ ہمارے ہاں دس ارب liter ہوتا ہے۔ Sir, I will just take another minute. ڈیزل کو دیکھیں 44 روپے اور انڈیا میں 6 روپے کے difference کے ساتھ 38 روپے ہے لیکن اگر آپ taxes میں دیکھیں گے تو انڈیا میں گورنمنٹ کو 18.20 روپے ملتا ہے اور پاکستان میں ان prices پر 7.40 ملتا ہے۔ جناب! اگر آپ اس total difference کو دیکھیں گے تو you are talking of something like 100 billion of rupees per year consumption پر ہے جو کہ پاکستان گورنمنٹ کو کم مل رہے ہیں اور وہ private refineries and marketing companies کو جا رہے ہیں۔

جناب! آپ کو شاید یاد ہو کہ بجٹ سیشن میں ہم نے ایک ایسا proposal دیا تھا جو کہ کوئی اپوزیشن کبھی نہیں دیتی۔ ہم نے یہ کہا تھا کہ آپ D M duty دے رہے ہیں۔ Sir, can we have attention of the House.

جناب قائم مقام چیئرمین، please میڈم کہہ رہی ہیں کہ ذرا میری باتوں کو غور

سے سنیں۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری، نہیں جناب غور سے نہ سنیں لیکن سنیں۔ جناب! بجٹ سیشن میں we came up with the proposal کہ آپ انڈیا کو compare کرتے ہیں، آپ انڈیا کے model پر جا رہے ہیں fine ، پھر آپ crude oil پر بھی duty لگائیں کیونکہ crude oil کی duty گورنمنٹ کو جائے گی اور D M duty ان کو جائے گی جو کہ ان لوگوں کو value add ہو کر ملے گی۔ اس کو reject کر دیا گیا تھا on some flimsy grounds, it was not accepted.

جناب! ابھی آپ نے دیکھا کہ Governor State Bank نے یہ openly کہا ہے کہ جو inflation کا affect عوام کو pass on نہیں کر رہے اس سے inflation بڑھ رہا ہے۔ کل میری ایک Economist سے ملاقات تھی انہوں نے کہا 6% consumer price index میں فرق پڑے گا۔ اس کا مطلب ہے لوگوں کی زندگی بہتر ہوگی، آلو، پیاز اور ٹماٹر کی قیمتیں کم، اس کا مطلب ہے جو بچے بسوں میں سکول جا رہے ہیں، جو عورتیں ملازمت کے لیے روز صبح گھر سے نکلتی ہیں، جو لوگ کالج یونیورسٹی میں پڑھتے ہیں، وہ ساری قیمتیں کم ہو جائیں گی۔ جناب! زراعت کی cost بھی کم ہو گی کیونکہ کھاد سستی آئے گی اور مارکیٹ میں produce سستی ہو جائے گی۔ انڈسٹری بہتر ہو گی کیونکہ آج ہم اس حکومت کی policies کی وجہ سے trading nation بن گئے ہیں اور ہمیں کہا جا رہا ہے کہ آپ دبئی کی طرح ہیں،

Dubai is a smaller people country, we are a big big country with billions of karors of people. Sir, my submission would be

میں نے یہ سنا ہے کہ یہ ایک اچھی price کم کرنے کا فیصلہ الیکشن سے پہلے کیا جائے گا۔ we cannot react for election. جیسے آپ نے سنا کہ elections کے لیے special measures ہوتے ہیں تو جناب! ہم یہ warn کرنا چاہتے ہیں کہ یہ pre-election rigging ہوگی۔ ہم پانچ سال سے بار بار کہتے رہے ہیں، یہاں Minister of Petroleum موجود ہیں وہ کہتے رہے ہیں کہ جناب ہم international price سے linked ہیں، ہم تو آنے پائی، point تک، ہم

ایمانداری سے کام کر رہے ہیں، ہم بالکل international price لے رہے ہیں۔ جب international prices کم ہوئیں تو پاکستان میں کیوں کم نہیں ہو رہیں

and this is the matter of public importance and needs to be discussed here. Thank you Mr. Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین، شکریہ۔ پروفیسر خورشید صاحب آپ بولیں، آپ one of the movers ہیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ ہماری محترم بہن نے جو بات کہی ہے میں اسے repeat نہیں کروں گا، صرف اضافے کے طور پر چند باتیں عرض کرتا ہوں۔ پہلی چیز یہ ہے کہ ایک اچھی حکومت کی تعریف یہ ہے کہ وہ tax لگائے امیروں پر، تعیشات پر اور عام آدمی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے relief دے۔ Tax structure ایسا ہونا چاہیے کہ production کے لیے encouragement ہو اور conspicuous consumption کے لیے discouragement ہو، یہ بنیادی اصول ہیں۔ اس اصول کی روشنی میں آپ یہ دیکھیئے کہ energy اور اسی طرح agricultural inputs.......

جناب قائم مقام چیئرمین، میڈم پری گل، پروفیسر صاحب کہہ رہے ہیں مجھے سنیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میں نے کچھ نہیں کہا، مجھے جو کہنا ہے وہ میں یہاں کہہ رہا ہوں۔ بہرحال میں عرض کر رہا تھا کہ اس کا لازمی تقاضا پھر یہ ہے کہ consumption items and transport جو کہ movement کے لیے ضروری ہے، یہ سستے رکھے جاتے ہیں اور اس کا فائدہ ایک طرف عام آدمی کو پہنچے گا لیکن ساتھ ساتھ معیشت میں ترقی کا جو عمل ہے وہ درست ہو گا، جس کے نتیجے کے طور پر پیداوار میں اضافہ، فراوانی، export اور بین الاقوامی منڈیوں میں competitiveness ہو گی۔ مشکل یہ ہے کہ ہم نے ایک elitist economy بنائی تھی اور track structure امیروں کو تحفظ دیتا ہے، tax evasion کے لیے دروازے کھولتا ہے، tax avoidance کے لیے built in نظام موجود ہے۔ اس کے برعکس عوام کا خون

چوسا جاتا ہے ' agricutlure inputs, energy جس میں پیٹرول ' ڈیزل ' kerosine اور electricity gas یہ exploitative economy ہیں - جناب والا! اس ملک میں real estate, stock exchange یہ دونوں امیرکو امیر ' غریب کو غریب تر بنانے کے بڑے اہم sources ہیں۔ آپ اگر State Bank کی تازہ report میں جو bank accounts کی تفصیل ہے ' وہ دیکھیں تو آپ یہ پائیں گے کہ 1999 میں اس ملک میں تقریباً کل depositors 29 million تھے جو آبادی کا 15 فیصد ہوتے ہیں۔ اس کے معنی ہیں کہ ہماری %85 banking اس لائق ہے ہی نہیں کہ bank میں حساب کھول سکے لیکن اگر آپ June, 2006 کی تصویر دیکھیں ' یہ 29 سے کم ہو کر 23 million رہ گئے ہیں۔ یہ کمی کیوں ہو رہی ہے؟ یہ ان افراد کی کمی ہو رہی ہے جو کم پیسے رکھتے ہیں ' دس ہزار روپے یا اس سے کم رکھنے والے کم ہوئے ہیں۔ اس کے برعکس ایک کروڑ یا اس سے زیادہ رکھنے والے جو ہیں ' ان کی تعداد میں اور banking sector میں ' ان کے deposit کے volume میں بھی ' advances میں بھی ' تین ' چار ' پانچ ' چھ گنا ہر category کے اندر اضافہ ہوا ہے۔

جناب والا! میں پہلا نکتہ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ خدا کے لیے اگر آپ فی الحقیقت ایک فلاحی ' اسلامی معاشرہ چاہتے ہیں تو fiscal policy کے بنیادی اصول ہیں کہ production کو tax نہ کیجیئے اور cost of living بڑھانے والی چیزوں کو tax نہ کیجیئے ' آپ یہ راستہ اختیار کر رہے ہیں۔ جناب والا! میں دوسری چیز یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت سچی بات یہ ہے کہ globalization context میں پاکستان بڑے سخت crisis کے اندر ہے ' ہمارا production sector برابر shrink ہو رہا ہے۔ محض service sector اور banking sector کے بڑھ جانے سے sustained economy نہیں بڑھ سکتی۔ خدا کے لیے آنکھیں کھولیئے اور production sector کو جس کی بنیاد پر آپ کی exports بڑھ سکتی ہیں ' اہمیت دیجیئے اور ان افراد کو tax کیجیئے جو rentier class ہیں جو روز بروز امیر تر ہو رہی ہے۔ آپ ہندوستان کی مثالیں دیتے ہیں ' میں وہاں کا defender نہیں ہوں لیکن capital gain tax آج نہیں ' وہاں 20 سال سے لگا ہوا ہے۔ Senate کی committee میں متفقہ طور پر اس کی سرکاری ارکان نے بھی تائید کی کہ tax لگاؤ۔ ہم نے جو شرح دی تھی ' آپ نے اس کا 100 لگانے کی کوشش کی اور ذرا

سا pressure پڑا اور آپ پیچھے ہٹ گئے تو یہ attitude بدلنا پڑے گا۔

جناب والا! دوسری بات یہ کہی جاتی ہے کہ ہم نے اس کو بین الاقوامی prices سے relate کیا ہوا ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ یہ بات صحیح نہیں ہے، ہم نے arbitrary prices کی ہر stage پر لیکن اگر for argument sake میں مان لوں تو میں یہ کہتا ہوں کہ جس وقت oil کی prices 34, 35, dollar per barrel تھی، آپ نے اس وقت جو قیمت مقرر کی تھی، اسے آج کی قیمت سے compare کر لیجیئے۔ حقائق بالکل سامنے ہیں یعنی آپ بڑھاتے چلے گئے ہیں۔ اب جب قیمتیں کم ہو رہی ہیں اور پچھلے تین مہینوں میں petroleum کی international price کے اندر 30 فیصد کمی ہوئی ہے، آپ نے 5% کمی کی ہے، یہ کیا انصاف ہے۔ Diesel کے بارے میں جو زیادہ اہم ہے، petrol کے استعمال میں پھر بھی چلیے متوسط طبقہ اور دوسرے طبقات استعمال کرتے ہیں، diesel تو آپ کی road transport کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ آپ کا diesel agricultural tubewells کے لیے استعمال ہوتا ہے، آپ کا diesel agricultural machinery کے لیے استعمال ہوتا ہے، آپ کا diesel بجلی بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ آپ اگر بحیثیت مجموعی proportion ملک میں دیکھیں تو diesel کا استعمال petrol کے مقابلے میں 8 times زیادہ ہے، آپ نے وہاں ایک روپیہ کم کیا۔ اس کے معنے یہ ہیں کہ جہاں سب سے زیادہ ضرورت تھی، آپ نے وہاں سب سے کم کیا ہے، یہ ناانصافی ہے، اسے کسی حیثیت سے sustain نہیں کیا جا سکتا۔

جناب والا! میں تیسرا یہ کہوں گا کہ حکومت نے جو petroleum پر taxes لگائے ہیں، petroleum مصنوعات پر لگائے ہیں اور ہر category پر لگائے ہیں، وہ صریحی طور پر ایک ظالمانہ اقدام ہے، اس سے کوئی justification نہیں ہو سکتی اور حکومت کہتی ہے کہ ہم نے subsidy دی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اسی نوعیت کی چیز ہے کہ کسی نے تاجر سے پوچھا کہ کیا حال ہے؟ کہنے لگے 50 فیصدی نقصان ہو گیا ہے، تفصیل پوچھی تو کہا کہ 100% نفع تھا، وہ 50% رہ گیا ہے۔ یہ اسی قسم کی subsidy ہے۔

جناب والا! subsidy کا کوئی تصور نہیں ہے البتہ ہاں Economics میں stabilization fund کا تصور ہے اور خصوصیت سے جب international prices میں

variation ہو تو پھر stabilization fund بنایا جاتا ہے تاکہ جب prices کم ہوں تو اس وقت جو آپ prices لے رہے ہیں اس سے اس فنڈ میں چلا جائے اور جب internationally prices بڑھ جائیں تو اس وقت آپ اس کو پورا کرلیں۔ ہمارے ہاں یہ تصور موجود نہیں ہے بلکہ sheer revenue raising کے لیے اسے استعمال کیا جا رہا ہے جو غلط ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ان تینوں وجوہ سے یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے، پوری آبادی اس سے متاثر ہوتی ہے اور میں بڑے ادب سے درخواست کروں گا کہ حکومت کو بھی آگے بڑھ کر ہماری اس motion کو منظور کرنا چاہیے اور ہاؤس کو devote ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سینیٹر صفدر عباسی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں اپنی colleague محترمہ رخسانہ زبیری اور پروفیسر خورشید صاحب کی تمام باتوں سے agree کرتے ہوئے کہ petroleum prices کے کم ہونے سے پاکستان کو معاشی طور پر کیا کیا فوائد حاصل ہوں گے۔ میں بنیادی طور پر صرف ایک بات آپ سے کہوں گا کہ جب oil prices international market میں بڑھ رہی تھیں تو حکومت پاکستان کا اور محترم وزیر اعظم کا موقف یہ تھا کہ چونکہ international prices بڑھ رہی ہیں اس لیے ہم اس کو بڑھاتے چلے جا رہے ہیں اور وہ بڑھاتے بڑھاتے تیس یا پینتیس روپے کا پٹرول ستاون روپے تک پہنچ گیا۔ International prices میں جو peak آئی وہ 79 dollars کی تھی تو اس وقت ہمارے ہاں پٹرول کی قیمت ستاون روپے تھی اور ڈیزل کی قیمت اڑتیس روپے کچھ پیسے تھی۔ اس کے بعد جب یہ pressure پڑا prices کے حوالے سے چونکہ definitely معیشت میں بڑی تبدیلی آئی، fares بڑھ گئے، airlines کے fares آسمان سے باتیں کرنے لگے، transport کے fares بڑھ گئے، Transport costs بڑھ گئیں۔ جب یہ حکومت پاکستان پر pressure آیا تو مسلسل یہ کہا جاتا رہا کہ جونہی international market میں prices گریں گی تو ہم اس کے فوائد پاکستان کے عوام کو پہنچائیں گے۔

آج صورت حال یہ ہے کہ جو petrol 79 dollars per barrel تھا وہ آج گر کے 50 dollars per barrel پر آ گیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ 35% reduction in

international prices ہوئی ہیں۔ اب جو 35% reduction ہوئی ہے اس کے جواب میں محترم وزیر اعظم صاحب مسلسل اس بات کا اعلان کرتے رہے کہ فوائد پاکستان کے عوام کو پہنچائیں گے۔ انہوں نے کیا فائدہ پہنچایا کہ چار روپے پٹرول پر اور ایک روپیہ ڈیزل پر۔ Sir پانچ بنیادی petroleum products ہوتی ہیں - high speed diesel, kerosine oil, and Super Aviation fuel اب یہ ہے کہ تین products میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ دو products میں انہوں نے چار اور ایک روپے کی کمی کر کے، وہ جو فوائد کا مسلسل ذکر کرتے تھے وہ انہوں نے پہنچانے کی کوشش کی ہے۔

جناب! اگر 35% reduction in prices ہوئی ہیں تو میرے حساب سے کم از کم بیس روپے پٹرول پر اور پندرہ روپے ڈیزل پر کم ہونا چاہئیں تھے۔ اگر حقیقتاً وہ صحیح تھے لیکن میں پہلے بھی اس ہاؤس میں point out کر چکا ہوں کہ اس حکومت کا سب سے بڑا problem ان کا fiscal deficit ہے۔ ان کی earnings اور ان کے expenditures میں جو تفاوت ہے آج petrolem prices کو کم نہ کر کے حکومت پاکستان اپنے fiscal deficit کو cover کر رہی ہے۔ ان کے الٹے تلتے، جو ان کی عیاشیاں ہیں expenditure wise چاہے وہ defence کی شکل میں ہوں، چاہے انہوں نے loans اتارنے ہوں، چاہے administrative sector میں ہوں، جو ان کے الٹے تلتے ختم نہیں ہو پا رہے ان کو balance کرنے کے لیے آج عوام کو جو ایک benefit ملنا چاہیے تھا، جس کا یہ بار بار اعلان کر چکے ہیں، وہ نہیں دے رہے۔ میں نے نہیں کیا

as biggest authority , as Prime Minister of Pakistan he has been clamouring that whenever the prices in the international market will be reduced, this benefit will be passed on to the consumers of Pakistan. Sir

میری ان سے ایک ہی عرض ہے کہ اپنے ان وعدوں کو جو بار بار آپ کرتے رہے ہیں، وہ فوائد جو آپ نے پاکستانی عوام کو دینے تھے وہ kindly ان کو دیں اور اپنے الٹوں تلتوں اور اپنی عیاشیوں پر یہ پیسہ خرچ نہ کریں۔

میری ان سے request اور کچھ نہیں بس میں آج کے Adjournment Motion

کے ذریعے یہ point out کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت پاکستان نے، Finance Minister نے، Petroleum Minister نے جو وعدے پاکستان کے عوام کے ساتھ کیے تھے ۔ وہ انہوں نے پورے نہیں کیے اور آج میں ان سے توقع کرتا ہوں کہ وہ اس بات کو announce کریں گے یہاں پر کھڑے ہو کر مینگل صاحب ۔ مجھے پتہ ہے کہ مینگل صاحب بیچاروں کی پٹرولیم منسٹری میں کتنی سنی جاتی ہے لیکن پھر بھی میں توقع کرتا ہوں کہ وہ کھڑے ہو کر اس بات کا اعلان کریں گے کہ جی ہم نے یہ جو 35% deduction کی ہوئی ہے اور آج یا کل یا پرسوں اس کا فائدہ پاکستان کے عوام کو پہنچا رہے ہیں ۔ بڑی مہربانی ۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میرے خیال میں اور brief statement mover سے نہیں آئے گی ۔ بابر اعوان صاحب! آپ کوئی چیز لانا چاہتے ہیں ۔ میرے کان آپ کی طرف ہیں۔ میں نے دوسری چیزیں بھی دیکھنی ہوتی ہیں۔ اگر میں اس سیٹ پر بیٹھ کر عقل کل بن جاؤں تو پھر میرا دماغ خراب ہو جائے گا ۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، میں ایک تو اپنے محترم وزیر جو بلوچستان سے ہیں، پہلے ہی اتنی محرومیاں ہیں ' میں ان سے یہ اعلان کروا کر جو میرے colleagues چاہتے ہیں، میں بلوچستان کو ایک وزارت سے محروم نہیں کرنا چاہتا ۔ میں جناب چیئرمین ! دوسری گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ جو price hike تھی artificial اس کا جو affect ہوا ' اس کا صرف ایک point میں آپ کے سامنے ایوان میں رکھنا چاہتا ہوں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہر آدمی نے جو consumer market میں بیٹھا ہوا تھا اور جو product مارکیٹ میں بیٹھا ہوا تھا' اس نے meteoric rise کر دیا اپنی services میں اور consumer goods میں ۔ وزیر اعظم صاحب نے یہ بھی اعلان کیا تھا' جس طرح یہاں کہا گیا کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے وقت کم تھا اور بجلی کے وزیر بجلی گرا کر چلے گئے۔ یہاں بجٹ کی تقریر کے دوران اس پر تکرار بھی ہوئی' وہ کہہ رہے تھے کہ پاکستان' ۲۰۰۷ء ۔ ۲۰۰۶ء کا جو مالی سال ہے' جس کے ختم ہونے میں اب چند مہینے رہ گئے ہیں، ہم اتنی بجلی لوگوں کو فراہم کریں گے کہ پورا پاکستان روشن ہو جائے گا اور اب سفید انقلاب ملک میں لے کر آ رہے ہیں اور یہاں جو کچھ کہا گیا' وہ تو سفید کی بجائے کالی آندھی اور

اندھیرا جو ہے' اس کی طرف جا رہے ہیں۔ اسی طرح سے یہ جو reduction ہوئی ہے' it is not proportionate with the price hike in the country, it is number one. دوسرا یہ ہے کہ price hike ہونے کی وجہ سے اس کا جو related effect ہوا' demonstration effect وہ ہوا جو لوگ fixed income groups والے ہیں' جو تنخواہ دار ملازم ہیں' جن کی آمدنی طے شدہ ہے' ان کی capacity to purchase ختم ہو گئی ہے۔ اب اس میں کیا حکومت ان کی کوئی مدد کر سکتی ہے'

if you want to give relief to the people of Pakistan really which is enshrined in Article 38 and principles of policies have to be followed. Then of course, a package is needed.

میں نہیں سمجھتا کہ ایک روپیہ دے کر اور دوسرے ہاتھ سے کئی روپے واپس لے کر حکومت یہ تاثر پیدا کرنے میں تو کامیاب ہو سکتی ہے کہ ہم نے ایک روپیہ دے دیا' لیکن جب تک کوئی relief package مہنگائی کے خلاف' تنخواہوں میں اضافے کے حق میں اور لوگوں کی جو مسلسل زندگی اجیرن ہو رہی ہے' اس طرف یہ حکومت نہیں جائے گی' اس طرف پاکستان کی establishment نہیں جائے گی ۔ اس طرف پاکستان کی ریاست نہیں جائے گی تو اس کے جو cosmatic steps ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔ تیسری اور آخری بات جو میں کرنا چاہتا ہوں یہاں پر وہ یہ ہے ' چونکہ یہ brief statement ہے ' which has to be between two and three minutes میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس کو حکومت oppose نہ کرے۔ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ عوام دشمن پالیسی نہیں ہے' عوام دوست پالیسی ہے تو

Let them show courtesy to the nation and they should come forward to admit this motion for the regular hearing and let us discuss this issue at length. Thank you Mr. Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین: Thank you. نصیر مینگل صاحب۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب

شکریہ۔ میرے اس طرف سے جو دوست احباب اور colleagues نے اس پر جو روشنی ڈالی ہے، میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم بھی اس عوام کی نمائندگی کرتے ہیں اور عوام کی مشکلات ہمیں معلوم ہیں، ہم بھی چاہتے ہیں کہ ان کو relief ملے اور یہ حکومت ، کیونکہ majority کی ہے، لہذا عوام الناس کے مسائل یا مشکلات سے ہم اپنے آپ کو بری الذمہ نہیں سمجھ سکتے۔ ہمیں اتنا ہی ان کے لیے دکھ ہے لیکن حکومت کو چلانے کے لیے چند مجبوریاں ہوتی ہیں۔ یہ ایک بین الاقوامی issue ہے۔ سب سے پہلے میں اپنے ان دوستوں کا ذکر کروں گا جنہوں نے یہ الزام لگایا ہے یا اس بات کا اظہار کیا ہے کہ یہ اعلان حکومت نے الیکشن کے سلسلے میں کیا ہے۔ وزیر اعظم پاکستان پہلے بتا چکے ہیں کہ اس کا الیکشن کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ جب International prices بڑھنے لگیں تو مجبوراً ہمیں بھی کچھ کرنا پڑا۔ پھر مئی ۲۰۰۴ کے بعد کوشش کرکے اس ratio سے ہم آگے نہیں گئے کہ جس ratio سے International prices بڑھ گئی تھیں جس طرح ایک ساتھی نے کہا کہ ۷۹ فیصد بڑھ گئے تھے۔ اس ratio سے ہم نے قیمتوں کو نہیں بڑھایا۔ اگر ہم compare کریں اور صحیح طریقے سے اس کا جائزہ لے لیں، جس ratio سے International prices بڑھ گئی ہیں اس ratio سے ہم نے یہاں prices نہیں بڑھائیں۔ ۲۰۰۴ سے ۲۰۰۷ تک کا comparative statement میں آپ کو بتاتا ہوں کہ International Market میں petroleum کے rate 74% بڑھ گئے تھے جبکہ ہمارا ہاں petrol 44% بڑھ گیا تھا، Kerosene 83% بڑھ گیا تھا جبکہ ہمارے ہاں 47% تھا، ڈیزل کے rate 78% بڑھ گئے تھے جبکہ ہمارے ہاں 56% تھے۔ اس طریقے سے ہم نے اس ratio سے قیمتیں نہیں بڑھائیں۔ انڈیا کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ وہ ہمارا ہمسایہ ملک ہے۔ ان کے ساتھ اگر آج بھی ہم قیمتوں کا مقابلہ کریں تو وہاں پر پٹرول 66 اور ڈیزل 46 جبکہ ہمارے ہاں یہ rate کم ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل ، پہلے آپ سن لیں پھر بات کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین ، آپ کو سنا ہے ابھی Minister صاحب کو بھی سن لیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب! میں یہ request کروں گا کہ ہم نے ان کو اطمینان سے سنا ہے یہ بھی وزیر صاحب کی بات کو سن لیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، شیر افگن نیازی ہوتے تو میں بھی اصرار نہ کرتا۔

سینیٹر کامل علی آغا، پھر اللہ میاں ان کو نیازی صاحب ہی دیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، نہیں جناب! مسئلہ یہ ہے کہ یہ پارلیمانی روایت ہے کہ Minister یا کوئی ممبر جب کوئی statement دے رہا ہو تو دوسرا اگر اس سے agree نہ کرے تو اپنی seat سے بیٹھ کر question کہہ سکتا ہے۔ یہ تو پارلیمانی روایت ہے۔ ہم کوئی ایسی بات تو نہیں کر رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جی، Leader of the House کو سن لیں۔

سینیٹر وسیم سجاد ، یہ روایت ہوگی لیکن انہوں نے دیکھا ہوگا کہ کئی باتوں سے ہم agree نہیں کرتے لیکن احتراماً ہم نے ان کو disturb نہیں کیا ہے۔ ہم اتنا احترام کرتے ہیں کہ باوجود اس کے کہ ہم اس بات سے بھی agree نہیں کرتے لیکن ہم کبھی یہ بات نہیں کرتے۔ Minister صاحب ایک بڑے سنجیدہ مسئلے پر سنجیدہ بیان دے رہے ہیں، اس کو سن لیں اور اس کے بعد اگر disagree کرتے ہیں تو کرلیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ہاں، وہ بعد میں کریں۔ Option ہے۔ پہلے جواب سن لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، نہیں، جناب! Opposition اور Government میں تھوڑا سا فرق ہوتا ہے۔ وسیم صاحب ہمارے محترم ہیں لیکن تھوڑی سی برد باری رکھیں، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سینیٹ میں تو برداشت کا مادہ ہے۔ ہم بھائی بندی میں چل رہے ہیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جناب! جب بین الاقوامی سطح پر تیل کی قیمتیں بڑھنے

گئیں تو ہماری حکومت نے Petroleum development levy کی مد میں ۲۴ بلین کا خسارہ برداشت کر کے قیمتیں نہ بڑھائیں تاکہ عوام الناس پر بوجھ نہ پڑے۔ اب حکومت نے عوام الناس کی رائے کا احترام کیا اور پیٹرول کی قیمتوں میں ۴ روپے اور ڈیزل میں ایک روپے کمی کر دی ہے۔ جب PTV اور دوسرے ذرائع ابلاغ پر یہ اعلان ہوا اور جب قیمتوں کے بارے میں عام لوگوں سے سروے کروایا گیا تو انہوں نے اس اقدام کو appreciate کیا اور وہ relief محسوس کر رہے تھے۔ پیٹرول کے بارے میں وہ کہہ رہے ہیں تو بات یہ ہے کہ سوزوکی بھی اسی پر چلتی ہے۔

آپ کی bike' اسی طرح موٹر سائیکلیں ہیں۔ دوسری اس قسم کی چھوٹی گاڑیاں' چھوٹے level کے لوگ بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں یا فائدہ لیتے ہیں۔ لہذا ایک علاج ہے' assist' جتنا حکومت سے ہو سکا ہے وہ انہوں نے کر دیا اور مزید ہم جائزہ لیں گے ۔ اس سلسلے میں میرے دوستوں نے کہا کہ کوئی اعلان یہ'----- سسٹم ہے' گورنمنٹ ہے' کیبنٹ ہے ایک پالیسی بن جاتی ہے۔ میرے دوستوں نے بھی کیا ہو گا تو ایسے جذباتی ہو کر نہ تو کوئی اعلان ایک فرد کر سکتا ہے اور نہ ہی اس طرح کا کوئی فائدہ ہو سکتا ہے۔ نہ انہوں نے کبھی کوئی ایسا اعلان کیا ہے۔ میں انہیں الفاظ کے ساتھ ان کو یقین دلاتا ہوں کہ عوام الناس کی ان چیزوں کا ہمیں بھی خیال ہے۔ وہ کر لیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، بنگزئی۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں واقعی اس چیز کو appreciate کرتا ہوں کہ اچانک کوئی اعلان کر کے کوئی ڈرامائی صورتحال تو پیدا نہیں ہو سکتی لیکن میں ان کو یہ surety دیتا ہوں کہ اگر وہ مجھے اجازت دیں تو اس وقت 54 rupees per liter petrol ہمارے ہاں بک رہا ہے میں اس کو 28 rupees per liter دے دوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ جو ہمارے ہمسایہ ملک سے آتا ہے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، میں اس کو 22 روپے میں ڈیزل دے سکتا ہوں۔ اگر وہ assure کرائیں کہ وہ مجھے اجازت دے دیں گے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، ہمیں پٹرول چاہیئے جہاں سے بھی آئے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، تو پھر OGRA والے کدھر جائیں گے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، وہ جہاں جائیں ہمیں عوام کو سہولت دینی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سارے، کوئی کس کا CO بن گیا ہے۔ کوئی کسی کا CO بن گیا ہے۔ پرانے OGRA والے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، ہمیں عوام کو سہولت دینا ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ جو grass root level تک فائدہ پہنچنا چاہتی ہے۔ اگر حکومت پہنچانا چاہتی ہے تو ہم دے سکتے ہیں۔

Mr. Acting Chairman: Leader of the Opposition

بات کرلیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! ہم نے اپنا right to question بھی کامل علی آغا صاحب اور honourable Leader of the House کی وجہ سے forego کیا لیکن اب کیونکہ یہ نہایت ہی سنجیدہ مسئلہ ہے تو قطعی طور پر جو statement وزیر صاحب کی آئی ہے حکومت پاکستان کی جانب سے اسے ہم تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ موجودہ حکومت multi-national oil company کے ہاتھوں میں کھیل رہی ہے اور جو pricing کا system انہوں نے بنایا ہے اس سے multi-national oil companies اپنے profit کو maximize کر رہی ہیں۔ پاکستان کے غریب عوام اس کے بوجھ تلے دبتے چلے رہے ہیں اور یہ کہ حکومت benefit of international oil prices پاکستان کے محنت کش عوام کو pass on نہیں کر رہی۔ متحدہ اپوزیشن اس پر token walk out in protest کرے گی۔

سینیٹر وسیم سجاد، یہ token walk out بالکل ناجائز ہے اس کی کوئی moral value نہیں ہے۔ لہٰذا ان کے token walk out کے خلاف ہم بھی token walk out کرتے ہیں۔

Mr . Acting Chairman: The House stands adjourned for tomorrow 04:00 p.m.

اللہ حافظ۔

[The House was then adjourned to meet again on Thursday 25th January, 2007 at 04:00 P.M]